78- متابعت کی دو قسمیں ہیں: پہلی کو تامہ کہتے ہیں۔ بتلایئے کہ دوسری کو کیا کہتے ہیں؟
A. غیر تامہ B. نافذہ
C. خالصہ D. قاصرہ

79- اگر کوئی مصنف حدیث بیان کرتے وقت ساری سند یا ایک یا ایک سے زیادہ راوی حذف کر دے اور کہے کہ جس قدر راوی میں نے حذف کیے ہیں وہ سب ثقہ ہیں تو اسے کیا کہتے ہیں؟
A. ثقاہت B. حذف
C. نقص D. تعدیل مبہم

80- فتح الباری، تہذیب التہذیب، تقریب التہذیب، طبقات الحفاظ، نصب الرایہ، بلوغ المرام اور الاصابہ فی تمیز الصحابہ کس شخصیت کی تصانیف ہیں؟
A. حضرت شاہ ولی اللہؒ کی B. علامہ انور شاہ کاشمیریؒ کی
C. مولانا احمد علی لاہوریؒ کی D. علامہ ابن حجر عسقلانیؒ کی

81- ناسخ و منسوخ میں سے کس پر عمل ہوگا؟
A. ناسخ پر B. منسوخ پر
C. دونوں پر D. کسی پر بھی نہیں

-82 الفاظ ادائے حدیث کے کتنے مراتب ہیں؟

A. چار B. چھ
C. آٹھ D. دس

-83 جس خبر کے اوائل سند سے بتصرف راوی ایک یا متعدد راوی ساقط ہوں اسے کیا کہتے ہیں؟

A. مقطوع B. معلق
C. مرسل D. معضل

-84 جس خبر کی اخیر سند میں تابعی کے بعد کوئی راوی ساقط ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

A. مقطوع B. معلق
C. مرسل D. معضل

-85 جس خبر کی اسناد سے دو یا دو سے زائد راوی ایک ہی مقام سے بتصرف یا بلا تصرف مصنف ساقط ہوں اسے کیا کہتے ہیں؟

A. مقطوع B. معلق
C. مرسل D. معضل

-86 محدثین کی اصطلاح میں "نا" کس کا مخفف ہے؟

A. اَخْبَرَنَا کا B. سَمِعْنَا کا
C. قُلْنَا کا D. حَدَّثَنَا کا

-87 محدثین کی اصطلاح میں "انا" کس کا مخفف ہے؟

A. اَخْبَرَنَا کا B. سَمِعْنَا کا
C. قُلْنَا کا D. حَدَّثَنَا کا

-88 متفق علیہ سے کیا مراد ہے؟

A. ایسی حدیث جو بخاری و مسلم دونوں کی شرط کے مطابق ہو لیکن ان میں موجود نہ ہو
B. ایسی حدیث جو بخاری و مسلم دونوں میں سے کسی کی شرط کے مطابق بھی نہ ہو
C. ایسی حدیث جو بخاری و مسلم دونوں میں نہ ہو
D. ایسی حدیث جو بخاری و مسلم دونوں میں ہو

-89 جس حدیث کی اسناد میں عَنْ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

A. حدیث عَنْ B. حدیث معنعن
C. حدیث صحیح D. حدیث حسن

-90 ایسی حدیث کو کیا کہتے ہیں کہ جس کے تمام راوی عادل ہوں، کامل الضبط ہوں، اس کی سند متصل ہو اور وہ معلل و شاذ ہونے سے محفوظ ہو؟

A. صحیح لذاتہ B. حسن لذاتہ
C. صحیح لغیرہ D. حسن لغیرہ

-91 ایسی حدیث کو کیا کہتے ہیں کہ جس میں صحیح لذاتہ کی تمام شرائط پائی جائیں البتہ کامل الضبط ہونے والی شرط نہ پائی جائے لیکن اس کے اسناد متعدد ہوں؟

A. صحیح لذاتہ B. حسن لذاتہ
C. صحیح لغیرہ D. حسن لغیرہ

-92 ایسی حدیث کو کیا کہتے ہیں کہ جس میں کامل الضبط ہونے کی شرط کے علاوہ صحیح لذاتہ کی جملہ شرائط پائی جائیں اور ضبط ناقص ہونے کی وجہ سے حدیث

صحت میں جو قصور پیدا ہوا ہے اسے بھی تعدد طرق سے دور نہ کیا گیا ہو؟

A. صحیح لذاتہ
B. حسن لذاتہ
C. صحیح لغیرہٖ
D. حسن لغیرہٖ

-93 ایسی متوقف فیہ حدیث کو کیا کہتے ہیں کہ جس کی مقبولیت پر کوئی قرینہ موجود ہو؟

A. صحیح لذاتہ
B. حسن لذاتہ
C. صحیح لغیرہٖ
D. حسن لغیرہٖ

-94 ایسی خبر واحد مقبول کہ اس کے معارض کوئی خبر مقبول نہ ہو کیا کہلاتی ہے؟

A. معارض
B. غیر معارض
C. محکم
D. غیر محکم

-95 اگر دو خبر واحد مقبول بظاہر معارض ہوں لیکن ان میں تطبیق ممکن ہو تو ان دونوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

A. معارضین
B. ناسخ و منسوخ
C. مختلف الحدیث
D. متوقف فیہ

-96 اگر دو خبر مقبول آپس میں معارض ہوں اور ان میں تطبیق بھی ممکن نہ ہو البتہ ان میں سے کسی ایک کا دوسری پر تقدم زمانی ثابت ہو جائے تو ان دونوں کو کیا کہتے ہیں؟

A. معارضین
B. ناسخ و منسوخ
C. مختلف الحدیث
D. متوقف فیہ

-97 اگر دو خبروں میں تعارض ہو اور ان میں تطبیق بھی ممکن نہ ہو اور کسی کا دوسری پر تقدم زمانی بھی ثابت نہ ہو تو ان دونوں کو کیا کہتے ہیں؟

A. معارضین
B. ناسخ و منسوخ
C. مختلف الحدیث
D. متوقف فیہ

-98 روایت حدیث کی اجازت دو طرح سے ہوتی ہے: ایک کو اجازت بالمشافہ کہتے ہیں، دوسری کو کیا کہتے ہیں؟

A. اجازت بالمکاتبہ
B. اجازت بالمراسلہ
C. اجازت بالحدیث
D. اجازت بالروایت

-99 امام الحرمین ابو محمد جوینیؒ نے واضع حدیث پر تغلیظاً کیا فتویٰ لگایا ہے؟

A. کفر کا
B. فسق کا
C. عصیان کا
D. نسیان کا

-100 موضوع حدیث کی بغیر تصریح روایت کی کیا حیثیت ہے؟

A. اس میں زیادہ حرج نہیں ہے
B. بالاتفاق حلال ہے
C. بالاتفاق حرام ہے
D. اس کے حلال و حرام ہونے میں اختلاف ہے

-101 صحیح بخاری کا پورا نام لکھیے۔

A. الجامع الصحیح المسند من حدیث رسول اللہ
B. الجامع الصحیح المسند من حدیث رسول اللہ وسننہ وایامہ

C. الجامع الصحیح من حدیث رسول اللہ
D. الجامع الصحیح من حدیث رسول اللہ و سننہ وایامہ

102- امام بخاریؒ کا اصل نام کیا تھا؟
A. امام ابوالحسین مسلم بن حجاجؒ
B. امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن علیؒ
C. امام ابوعبداللہ محمد بن یزیدؒ
D. امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیلؒ

103- امام بخاریؒ کا سن وفات تحریر کریں۔
A. 275ھ
B. 256ھ
C. 261ھ
D. 279ھ

104- امام مسلمؒ کا اصل نام بتلایئے۔
A. امام ابوالحسین مسلم بن حجاجؒ
B. امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن علیؒ
C. امام ابوعبداللہ محمد بن یزیدؒ
D. امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیلؒ

105- امام مسلمؒ کا سن وفات بتلایئے۔
A. 275ھ
B. 256ھ
C. 261ھ
D. 279ھ

106- امام ترمذیؒ کا اصل نام بتلایئے۔
A. امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰؒ
B. امام ابوعبداللہ محمد بن یزیدؒ
C. امام سلیمان بن اشعثؒ
D. امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن علیؒ

107- امام ترمذیؒ کا سن وفات بتلایئے۔
A. 275ھ
B. 273ھ
C. 303ھ
D. 279ھ

108- امام ابوداؤدؒ کا اصل نام بتلایئے۔
A. امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰؒ
B. امام ابوعبداللہ محمد بن یزیدؒ
C. امام سلیمان بن اشعثؒ
D. امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن علیؒ

109- امام ابوداؤدؒ کا سن وفات بتائیں۔
A. 275ھ
B. 273ھ
C. 303ھ
D. 279ھ

110- امام نسائیؒ کا اصل نام بتائیں۔
A. امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰؒ
B. امام ابوعبداللہ محمد بن یزیدؒ
C. امام سلیمان بن اشعثؒ
D. امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن علیؒ

111- امام نسائیؒ کا سن وفات بتائیں۔
A. 275ھ
B. 273ھ
C. 303ھ
D. 279ھ

112- امام ابن ماجہؒ کا اصل نام بتائیں۔
A. امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰؒ
B. امام ابوعبداللہ محمد بن یزیدؒ
C. امام سلیمان بن اشعثؒ
D. امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن علیؒ

113- امام ابن ماجہؒ کا سن وفات بتلایئے۔
A. 275ھ
B. 273ھ
C. 303ھ
D. 279ھ

114- ''صحیفہ الصادقہ'' کے مرتب کون تھے؟
A. حضرت علیؓ
B. حضرت ہمام بن منبہؒ
C. حضرت عمرو بن العاصؓ
D. حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ

115- ''صحیفہ صحیحہ'' کے مرتب کون تھے؟
A. حضرت علیؓ
B. حضرت ہمام بن منبہؒ
C. حضرت عمرو بن العاصؓ
D. حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ

116- حضرت ہمام بن منبہؒ نے ''صحیفہ صحیحہ'' میں کس صحابی کی مرویات کو جمع کیا؟
A. حضرت علیؓ کی
B. حضرت عمرو بن العاصؓ کی
C. حضرت عائشہؓ کی
D. حضرت ابوہریرہؓ کی

117- حفاظت حدیث کے دو اہم ذرائع حفظ اور کتابت ہیں۔ تیسرا اہم ذریعہ بتلایئے۔
A. تعامل
B. تحریر
C. توضیح
D. تقریر

118- حضرت علامہ انور شاہ کاشمیریؒ کے افادات سے صحیح بخاری کی کونسی شرح لکھی گئی؟
A. فتح الباری
B. تیسیر الباری
C. فیض الباری
D. تقریر بخاری

119- حضرت علامہ انور شاہ کاشمیریؒ کے افادات سے فیض الباری بشرح صحیح البخاری کس نے مرتب کی؟
A. مولانا محمد چراغؒ
B. مولانا عبیداللہ سندھیؒ
C. مولانا قاضی شمس الدینؒ
D. مولانا بدر عالمؒ

120- حضرت مولانا علامہ انور شاہ کاشمیریؒ کے افادات سے جامع ترمذی کی کونسی شرح لکھی گئی؟
A. العرف الشذی
B. الورد الشذی
C. الکوکب الدری
D. تقریر ترمذی

121- حضرت مولانا علامہ انور شاہ کاشمیریؒ کے افادات سے العرف الشذی تقریر جامع الترمذی کس نے مرتب کی؟
A. مولانا محمد چراغؒ
B. مولانا عبیداللہ سندھیؒ
C. مولانا قاضی شمس الدینؒ
D. مولانا بدر عالمؒ

122- محدث کسے کہتے ہیں؟

A. حدیث کی روایت کرنیوالے کو
B. حدیث پڑھانے والے کو
C. حدیث لکھنے والے کو
D. حدیث یاد کرنے والے

123- محدثین کی اصطلاح میں حافظ کسے کہتے ہیں۔

A. جسے بخاری شریف یاد ہو
B. جسے بخاری و مسلم دونوں یاد ہوں
C. جسے ایک لاکھ احادیث النبویہ مع سند یاد ہوں
D. جسے ایک لاکھ احادیث بغیر سند کے یاد ہوں

نوٹ: خیال رہے کہ یہاں حدیث سے عام مراد ہے جس میں صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ عظام کے اقوال، افعال الخ شامل ہیں۔

124- حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص ؓ کا "صحیفہ الصادقہ" کس دور میں مرتب ہوا؟

A. دور نبویؐ میں
B. دور صدیق اکبرؓ میں
C. دور فاروق اعظمؓ میں
D. دور عثمان غنیؓ میں

125- حضرت انس بن مالکؓ حضرت علی المرتضیٰؓ حضرت سمرہ بن جندبؓ حضرت ابوھریرہؓ حضرت جابر بن عبداللہؓ اور حضرت سعد بن عبادہؓ کی یادگار ہیں؟

A. دور نبویؐ کی
B. دور صحابہؓ کی
C. دور تابعینؒ کی
D. دور تدوین کی

126- حضرت ابوبکر صدیقؓ کا 500 احادیث پر مشتمل صحیفہ حضرت ابوہریرہؓ کی مرویات سے مرتب کردہ حضرت ہمام بن منبہؒ کا "صحیفہ صحیحہ" حضرت انسؓ کی مرتب کردہ کتاب "الفرائض" اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا صحیفہ یہ سب کس دور کی یادگار ہیں؟

A. دور نبویؐ کی
B. دور صحابہؓ کی
C. دور تابعینؒ کی
D. دور تدوین کی

127- امام محمدؒ کی کتاب "الآثار" موطا امام مالکؒ جامع سفیان ثوریؒ جامع ابن مبارکؒ جامع امام اوزاعی اور جامع ابن جریج یہ سب کس دور کی یادگار ہیں؟

A. دور نبویؐ کی
B. دور صحابہؓ کی
C. دور تابعینؒ کی
D. دور تدوین کی

128- صحاح ستہ اور مسند احمد کس دور کی یادگار ہیں؟

A. دور نبویؐ کی
B. دور صحابہ اکرامؓ کی
C. دور تابعینؒ کی
D. دور تدوین کی

129- صحیحین کن دو کتابوں کو کہا جاتا ہے؟

A. ابن ماجہ و مسلم کو
B. نسائی و ابوداؤد کو
C. بخاری و مسلم کو
D. بخاری و موطا امام مالک کو

130- محدثین کی اصطلاح میں شیخین سے کون مراد ہیں؟

A. امام بخاریؒ و امام مسلمؒ
B. امام بخاریؒ و امام مالکؒ
C. امام ترمذیؒ و امام اوزاعیؒ
D. امام مالکؒ و امام محمدؒ

-131 دو مشہور کتابیں مؤطین کے نام سے معروف ہیں جن میں سے ایک مؤطا امام مالک ہے' دوسری کا نام بتائیں۔
A. بخاری شریف
B. سند احمد
C. کتاب الآثار
D. موطا امام محمد

-132 حضرت ابوہریرہؓ کی مرویات کی تعداد کتنی ہے؟
A. 2660
B. 2374
C. 2210
D. 5374

-133 حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کی مرویات کی تعداد کتنی ہے؟
A. 2660
B. 2374
C. 2210
D. 5374

-134 حضرت عائشہ صدیقہؓ کی مرویات کی تعداد کتنی ہے؟
A. 2660
B. 2374
C. 2210
D. 5374

-135 صحیح بخاری' صحیح مسلم' موطا امام مالک اور صحیح ابن حبان کس طبقہ کی کتب ہیں؟
A. طبقۂ اُولیٰ
B. طبقۂ ثانیہ
C. طبقۂ ثالثہ
D. طبقہ رابعہ

-136 سنن ابن ماجہ اور مصنف ابی بکر بن ابی شیبہ کس طبقہ کی کتب ہیں؟
A. طبقۂ اُولیٰ
B. طبقۂ ثانیہ
C. طبقۂ ثالثہ
D. طبقۂ رابعہ

-137 سنن نسائی' سنن ابوداؤد' جامع ترمذی اور مسند احمد کس طبقہ کی کتب ہیں؟
A. طبقۂ اُولیٰ
B. طبقۂ ثانیہ
C. طبقۂ ثالثہ
D. طبقۂ رابعہ

-138 نوادر الاصول اور تاریخ الخلفاء کس طبقہ کی کتب ہیں؟
A. طبقۂ ثانیہ
B. طبقۂ ثالثہ
C. طبقۂ رابعہ
D. طبقۂ خامسہ

-139 موضوعات ابن جوزی اور موضوعات شیخ محمد طاہر نہروانی کس طبقہ کی کتب ہیں؟
A. طبقۂ ثانیہ
B. طبقۂ ثالثہ
C. طبقۂ رابعہ
D. طبقۂ خامسہ

-140 ایسی کتاب کو کیا کہا جاتا ہے کہ جس میں یہ آٹھ شرائط پائی جائیں: (1) سیر (2) تفسیر (3) آداب (4) عقائد (5) فتن (6) احکام (7) اشراط (8) مناقب؟
A. مسند
B. مستدرک
C. جامع
D. سنن

-141 حدیث کی ایسی کتاب کیا کہلاتی ہے کہ جس کے ابواب فقہی طریقہ سے ہوں اور اس میں فقہی مسائل کے متعلق احادیث لائی جائیں؟
A. مسند
B. مستدرک
C. جامع
D. سنن

142- ایسی کتاب کو کیا کہتے ہیں کہ جس کا مصنف ایک یا دو کتابوں کو سامنے رکھ لیتا ہے اور ان کی شرائط کو ذہن میں رکھ کر وہ حدیثیں لاتا ہے کہ جو ان کی شرائط پر تو پوری اترتی ہوں لیکن خود ان کتابوں میں موجود نہ ہوں؟

A. مسند B. مستدرک
C. جامع D. سنن

143- ایسی کتاب کہ جس میں صحابہ کی ترتیب سے احادیث جمع کی جائیں اسے کیا کہتے ہیں؟

A. مسند B. مستدرک
C. جامع D. سنن

144- ایسی کتاب کہ جس میں مصنف اپنے شیوخ کی ترتیب سے احادیث جمع کرے اسے کیا کہتے ہیں؟

A. جزء B. غریب
C. معجم D. مستخرج

145- ایسی کتاب کو کیا کہتے ہیں کہ جس میں مصنف ایک استاد کے کسی شاگرد کی وہ احادیث جمع کرتا ہے کہ جو اس شاگرد کے علاوہ باقی شاگردوں نے ذکر نہ کی ہوں؟

A. جزء B. غریب
C. معجم D. مستخرج

146- جس کتاب میں کسی خاص مسئلہ پر احادیث جمع کی جائیں اسے کیا کہتے ہیں؟

A. جزء B. غریب
C. معجم D. مستخرج

147- ایسی کتاب کو کیا کہتے ہیں کہ جس کا مصنف ایک کتاب کو سامنے رکھ کر اسی کی حدیثیں لاتا ہے لیکن سند ایسی لاتا ہے کہ جس میں اس کتاب کے مصنف کا واسطہ نہیں ہوتا بلکہ سند براہ راست اس کتاب کے مصنف کے شیخ یا شیخ الشیخ تک پہنچتی ہے؟

A. جزء B. غریب
C. معجم D. مستخرج

148- ایسی کتاب کو کیا کہتے ہیں کہ جس کا مصنف اپنی کتاب میں ایسی حدیثیں لاتا ہے کہ جن میں کوئی ایسی کمزوری پائی جاتی ہے جسے عام لوگ نہیں جان سکتے اور محدثین ہی اس کو پرکھتے ہیں؟

A. علل B. جامع
C. اربعین D. مسند

149- ایسی کتاب کو کیا کہتے ہیں کہ جس میں مصنف چالیس حدیثیں جمع کرتا ہے؟

A. علل B. جامع
C. اربعین D. مسند

150- بخاری شریف میں کل کتنی احادیث ہیں؟

A. 8000 B. 8082
C. 9000 D. 9082

151- "المجتبیٰ" کس کتاب کا اصل نام ہے؟

A. صحیح مسلم کا B. جامع ترمذی کا
C. سنن نسائی کا D. سنن ابن ماجہ کا

-152 ''السنن الکبریٰ'' کس کی کتاب ہے؟
A. امام اعظم ابوحنیفہؒ کی B. امام نسائیؒ کی
C. امام داؤدؒ کی D. امام محمدؒ کی

-153 تین کتابیں معجم کبیر، معجم اوسط اور معجم صغیر جو کہ معاجم ثلاثہ کہلاتی ہیں، یہ کس مصنف کی تحریر کردہ ہیں؟
A. امام مالکؒ کی B. امام اوزاعیؒ کی
C. امام محمدؒ کی D. امام طبرانیؒ کی

-154 صحاح ستہ میں سے وہ کونسی کتاب ہے کہ جس کو بعض محدثین نے صحاح ستہ میں شامل نہیں کیا؟
A. بخاری B. ابوداؤد
C. ترمذی D. ابن ماجہ

-155 وہ کونسی دو کتب ہیں کہ جن کو سنن ابن ماجہ کی جگہ صحاح ستہ میں شامل کرنے کی رائے دی جاتی ہے؟
A. موطا امام مالک و سنن دارمی B. موطا امام ملک و موطا امام محمد
C. موطا امام محمد و مسند احمد D. مسند احمد و معجم طبرانی

-156 صحیح بخاری کی معروف شرح ''فتح الباری'' کے مؤلف کا نام بتلایئے۔
A. امام محمد بن حسن شیبانیؒ B. مولانا شبیر احمد عثمانیؒ
C. علامہ ابن حجر عسقلانیؒ D. مولانا محمد منظور نعمانیؒ

-157 ''فتح الملہم'' صحیح مسلم کی شرح ہے اس کے مؤلف کا نام بتلایئے۔
A. امام محمد بن حسن شیبانیؒ B. مولانا شبیر احمد عثمانیؒ
C. علامہ ابن حجر عسقلانیؒ D. مولانا منظور نعمانیؒ

-158 ''معارف الاحادیث'' کے مؤلف کا نام بتایئے۔
A. امام محمد بن حسن شیبانیؒ B. مولانا شبیر احمد عثمانیؒ
C. علامہ ابن حجر عسقلانیؒ D. مولانا محمد منظور نعمانیؒ

-159 جامع ترمذی کی شرح جو کہ ''شرح السندھی'' کے نام سے معروف ہے وہ کس کی لکھی ہوئی ہے؟
A. مولانا عبید اللہ سندھیؒ B. علامہ ابوطیب سندھیؒ
C. مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ D. مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ

-160 سنن ابوداؤد کی شرح ''بذل المجہود'' کس کی لکھی ہوئی ہے؟
A. مولانا عبید اللہ سندھیؒ B. علامہ ابوطیب سندھیؒ
C. مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ D. مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ

-161 ''تقریر بخاری شریف'' کے مؤلف کا نام بتلایئے۔
A. مولانا عبید اللہ سندھیؒ B. علامہ ابوطیب سندھیؒ
C. مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ D. مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ

-162 شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے مشکوٰۃ شریف کی دو شرحیں ''لمعات'' اور ''اشعۃ اللمعات'' لکھیں۔ ان میں سے ''لمعات'' عربی زبان میں ہے بتلایئے کہ ''اشعۃ اللمعات'' کس زبان میں ہے؟
A. یہ بھی عربی میں ہی ہے B. فارسی میں ہے
C. اردو میں ہے D. بنگالی میں ہے

163- ''تعلیق التصبیح'' مظاہر المصابیح کی شرح ہے۔ بتلایئے کہ اس کے مؤلف کون ہیں؟
A. مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ B. مولانا محمد یحییٰ کاندھلویؒ
C. مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ D. مولانا خیر محمد جالندھریؒ

164- بیان، ذکر، قصہ، کہانی، بات چیت، نئی چیز اور گفتگو کس مشہور اصطلاح کے لغوی معانی ہیں؟
A. حدیث کے B. سنت کے
C. نماز کے D. زکوٰۃ کے

165- قرآن حکیم میں رسول اللہؐ کی اطاعت کو کس کی اطاعت قرار دیا گیا ہے؟
A. اللہ تعالیٰ کی B. قرآن حکیم کی
C. حضرت جبرائیلؑ کی D. دین کی

166- حدیث پر عمل کے متعلق خوارج کا رویہ کیا تھا؟
A. اس پر سختی سے عمل کرتے تھے B. اس کی حجیت تسلیم نہیں کرتے تھے
C. اس کے سخت منکر تھے D. کسی حد تک گریز کا رویہ تھا

167- حضور اکرمؐ نے ایک مرتبہ مسجد نبویؐ میں خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے کہا کہ مومنو! بیٹھ جاؤ۔ تو وہ کونسے صحابیؓ تھے کہ جو اس وقت مسجد کے اندر داخل ہو رہے تھے ایک قدم ابھی باہر تھا، تعمیل ارشاد میں وہیں بیٹھ گئے؟
A. حضرت عبداللہ بن عباسؓ B. حضرت عبداللہ بن مسعودؓ
C. حضرت عبداللہ بن عمرؓ D. حضرت عبداللہ بن زبیرؓ

168- ''جب حضورؐ کی سنت سامنے آجائے تو کسی وجہ سے اسے ترک کرنے کی گنجائش نہیں۔'' آئمہ اربعہ میں سے یہ کس کا قول ہے؟
A. امام اعظم ابوحنیفہؒ B. امام مالکؒ
C. امام شافعیؒ D. امام احمد بن حنبلؒ

169- ''جو بات آنحضورؐ سے منقول ہو بسر و چشم تسلیم ہے۔'' آئمہ اربعہ میں سے یہ کس کا قول ہے؟
A. امام اعظم ابوحنیفہؒ B. امام مالکؒ
C. امام شافعیؒ D. امام احمد بن حنبلؒ

170- ''ہر شخص کی بات کو چھوڑا بھی جا سکتا ہے اور اختیار بھی کیا جا سکتا ہے سوائے اس قبر والے کے کہ اس کے قول کو تو بہر حال اپنانا ہی پڑے گا۔'' آئمہ اربعہ میں سے وہ کون تھے کہ جنہوں نے حضور اکرمؐ کی قبر مبارک کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ الفاظ فرمائے تھے؟
A. امام اعظم ابوحنیفہؒ B. امام مالکؒ
C. امام شافعیؒ D. امام احمد بن حنبلؒ

171- ''میرے قول کو حدیث نبویؐ اور اقوال صحابہؓ کے ہوتے ہوئے ترک کر دو۔'' آئمہ اربعہ میں سے یہ کس کے الفاظ ہیں؟
A. امام اعظم ابوحنیفہؒ B. امام ملکؒ
C. امام شافعیؒ D. امام احمد بن حنبلؒ

172- ''جب صحیح حدیث موجود ہو تو میرا مذہب وہی ہے۔'' آئمہ اربعہ میں سے یہ کس کے الفاظ ہیں؟
A. امام اعظم ابوحنیفہؒ B. امام مالکؒ
C. امام شافعیؒ D. امام احمد بن حنبلؒ

173- ''اس شخص کی بدبختی میں کیا شک ہے کہ جو سنت کو اختیار کرنے کے وقت سوچتا ہے کہ اسے اختیار کیا جائے یا ترک کر دیا جائے۔'' آئمہ اربعہ میں سے

یہ کس کے الفاظ ہیں؟

A. امام اعظم ابوحنیفہؒ B. امام مالکؒ
C. امام شافعیؒ D. امام احمد بن حنبلؒ

174- ''اللہ کے دین میں رائے اور قیاس سے بچو اور سنت کی پیروی کرو جو سنت کے دائرہ سے نکلا وہ گمراہ ہوا۔'' آئمہ اربعہ میں سے یہ کس کے الفاظ ہیں؟

A. امام اعظم ابوحنیفہؒ B. امام مالکؒ
C. امام شافعیؒ D. امام احمد بن حنبلؒ

175- ''جس نے رسول کریمؐ کی حدیث کو رد کیا وہ تباہی کے کنارے پر پہنچ گیا۔'' آئمہ اربعہ میں سے یہ کس کے الفاظ ہیں؟

A. امام اعظم ابوحنیفہؒ B. امام مالکؒ
C. امام شافعیؒ D. امام احمد بن حنبلؒ

176- ''مسلمان اپنے علم حدیث پر جتنا بھی فخر کریں بجا ہے۔'' یہ الفاظ کس مستشرق کے ہیں؟

A. ولیم میور B. گولڈزیہر
C. مارگولیتھ D. ڈاکٹر سپرنگر

177- حضور اکرمؐ نے خطبہ حجۃ الوداع کس صحابی کی فرمائش پر لکھوایا تھا؟

A. حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ B. حضرت ابوشاہ یمنیؓ
C. حضرت رافع بن خدیجؓ D. حضرت امیر معاویہؓ

178- وہ کونسے صحابیؓ تھے کہ جو حضور اکرمؐ کی ہر ایک بات لکھ لیا کرتے تھے۔ بعض صحابہؓ نے انہیں منع کیا کہ ہر بات نہ لکھا کرو کیونکہ حضورؐ کبھی خوشی میں ہوتے ہیں اور کبھی ناخوشی میں۔ چنانچہ انہوں نے لکھنا ترک کر دیا تو حضور اکرمؐ نے انہیں مخاطب فرما کر اپنی زبان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ ''لکھ لیا کرو۔ کیونکہ قسم ہے اس ذات کی کہ جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ اس (زبان) سے حق کے سوا کبھی کچھ نہیں نکلتا؟''

A. حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ B. حضرت ابوشاہ یمنیؓ
C. حضرت رافع بن خدیجؓ D. حضرت امیر معاویہؓ

179- حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا حلقۂ درس کہاں تھا؟

A. مکہ میں B. مدینہ میں
C. کوفہ میں D. بصرہ میں

180- حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا حلقۂ درس کہاں تھا؟

A. مکہ میں B. مدینہ میں
C. کوفہ میں D. بصرہ میں

181- حضرت زید بن ثابتؓ کا حلقۂ درس کہاں تھا؟

A. مکہ میں B. مدینہ میں
C. کوفہ میں D. بصیرہ میں

182- وہ کونسے صحابی تھے کہ جنہوں نے حضرت عقبہ بن عامرؓ سے صرف ایک حدیث کی تحقیق کے لیے مدینہ سے مصر تک کا سفر طے کیا؟

A. حضرت عبداللہ بن عباسؓ B. حضرت عبداللہ بن مسعودؓ
C. حضرت زید بن ثابتؓ D. حضرت ابوایوب انصاریؓ

183- حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے حفاظت حدیث کے سلسلہ میں بہت سے فرامین جاری کیے۔ لیکن آپؒ نے خاص طور پر کس شخصیت کو احادیث جمع کرنے

کا حکم دیا؟

A. امام بخاریؒ کو B. امام مسلمؒ کو
C. محمد بن شہاب زہریؒ کو D. سفیان ثوریؒ کو

184- "کتاب الآثار" کس نے لکھی؟

A. امام مالکؒ نے B. امام محمدؒ نے
C. امام احمد بن حنبلؒ نے D. امام نسائیؒ نے

185- مستشرقین کی تحریک کا باقاعدہ آغاز کس صدی عیسوی میں ہوا؟

A. گیارہویں صدی عیسویں میں B. بارہویں صدی عیسوی میں
C. تیرہویں صدی عیسوی میں D. چودہویں صدی عیسوی میں

186- 1812ء میں مستشرقین کی پہلی باقاعدہ کانفرنس ہوئی۔ بتایئے کہ یہ کس ملک میں ہوئی؟

A. فرانس میں B. اٹلی میں
C. برطانیہ میں D. جرمنی میں

187- جمع وتدوین حدیث کے سلسلہ میں دور تدوین کس عرصہ کو کہا جاتا ہے؟

A. 151ھ تا 200ھ B. 151ھ تا 300ھ
C. 151ھ تا 400ھ D. 151ھ تا 500ھ

188- صحاح ستہ کے مؤلفین میں سے وہ کونسے مشہور امام ہیں کہ جو بچپن میں بینائی سے محروم ہو گئے تھے اور پھر والدہ کی دعا پر انہیں دوبارہ بینائی ملی تھی؟

A. امام بخاریؒ B. امام مسلمؒ
C. امام ترمذیؒ D. امام نسائیؒ

189- امام بخاریؒ کا سن ولادت بتائیں۔

A. 209ھ B. 202ھ
C. 206ھ D. 194ھ

190- امام مسلمؒ کا سن ولادت بتائیں۔

A. 209ھ B. 202ھ
C. 206ھ D. 194ھ

191- امام ترمذیؒ کا سن ولادت بتائیں۔

A. 209ھ B. 202ھ
C. 206ھ D. 194ھ

192- امام ابوداؤدؒ کا سن ولادت بتائیں۔

A. 209ھ B. 202ھ
C. 206ھ D. 194ھ

193- امام ابن ماجہؒ کا سن ولادت بتائیں۔

A. 209ھ B. 202ھ
C. 206ھ D. 194ھ

194- امام نسائیؒ کا سن ولادت بتائیں۔

A. 209ھ B. 202ھ

C. 206ھ D. 214ھ یا 215ھ

195- امام بخاریؒ نے صحیح بخاری کتنے سال میں مکمل کی؟

A. تقریباً چودہ سال B. تقریباً پندرہ سال

C. تقریباً سولہ سال D. تقریباً سترہ سال

196- مقدمہ فتح الباری کے مطابق صحیح بخاری میں 9082 احادیث ہیں۔ بتایئے کہ امام بخاریؒ نے کل کتنی احادیث میں سے ان 9082 کا انتخاب کیا؟

A. تین لاکھ B. چار لاکھ

C. پانچ لاکھ D. چھ لاکھ

197- مؤلفین صحاح ستہ میں سے وہ کون تھے کہ جن کی وفات کا باعث یہ بنا کہ وہ ایک حدیث تلاش کر رہے تھے اور ساتھ میں کھجوروں کا ٹوکرا پڑا تھا۔ بے خیالی میں کھجوریں کھاتے رہے اور حدیث تلاش کرتے رہے۔ حتیٰ کہ پورا ٹوکرا ختم ہو گیا؟

A. امام بخاریؒ B. امام مسلمؒ

C. امام ترمذیؒ D. امام سنائیؒ

198- امام مسلمؒ نے کتنی احادیث میں سے انتخاب کر کے صحیح مسلم مرتب کی۔

A. تین لاکھ B. چار لاکھ

C. پانچ لاکھ D. چھ لاکھ

199- سنن نسائی کا اصل نام "المجتبیٰ" ہے۔ امام نسائیؒ نے پہلے کئی جلدوں پر مشتمل ایک بڑی کتاب لکھی تھی اور پھر اس میں سے انتخاب کر کے "المجتبیٰ" یا "سنن نسائی" لکھی۔ بتلایئے اس بڑی کتاب کا نام کیا تھا؟

A. المرتضیٰ B. السنن الکبریٰ

C. الاحادیث النبویہ D. اقوال النبیؐ

200- سنن ابوداؤد میں کتنی احادیث ہیں؟

A. 4000 B. 4800

C. 5000 D. 5800

201- امام ابوداؤدؒ نے سنن ابوداؤد مکمل کر کے کس شخصیت کے سامنے پیش کی کہ جنہوں نے اسے پسند کیا؟

A. امام بخاریؒ کے سامنے B. امام مسلمؒ کے سامنے

C. امام اعظم ابوحنیفہؒ کے سامنے L. امام احمد بن حنبلؒ کے سامنے

202- مؤلفین صحاح ستہ میں سے وہ کون تھے کہ جو آخری عمر میں نابینا ہو گئے تھے؟

A. امام بخاریؒ B. امام مسلمؒ

C. امام ترمذیؒ D. امام نسائیؒ

203- سنن ابن ماجہ کو ابتداء میں صحاح ستہ میں شامل نہیں کیا گیا تھا اور یہ صحاح خمسہ معروف تھیں۔ بتلایئے کہ سب سے پہلے کس نے سنن ابن ماجہ کو صحاح خمسہ میں شامل کر کے انہیں صحاح ستہ کر دیا؟

A. حافظ ابوالفضل بن طاہر مقدسیؒ B. علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے

نے

C. امام ابو یوسفؒ نے D. امام محمد بن حسن شیبانیؒ نے

-204 صحاح ستہ میں سے کس کتاب کے متعلق بعض علماء کا خیال ہے کہ اس میں بائیس موضوع روایات بھی شامل ہو گئی ہیں؟

A. جامع ترمذی B. سنن ابوداؤد

C. سنن نسائی D. سنن ابن ماجہ

-205 "اگر امام بخاریؒ نہ ہوتے تو فن حدیث میں مسلم اور سنن اربعہ سے حاصل کر سکتے۔" یہ کس کے الفاظ ہیں؟

A. دار قطنیؒ کے B. امام ابن مبارکؒ کے

C. [illegible] D. امام ابن جریجؒ کے

-206 صحیح بخاری کس قسم کی کتاب ہے؟

A. مسند B. مستدرک

C. جامع D. سنن

-207 غرائب دار قطنیؒ کس قسم کی کتاب ہے؟

A. جزء B. غریب

C. معجم D. مستخرج

-208 چہل حدیث شاہ ولی اللہؒ کس قسم کی کتاب ہے؟

A. علل B. جامع

C. اربعین D. مسند

-209 "جزء رفع یدین" اور "جزء قرأت" کس کی لکھی ہوئی ہیں؟

A. امام اعظم ابو حنیفہؒ کی B. امام بخاریؒ کی

C. امام شافعیؒ کی D. امام مسلمؒ کی

-210 "علل الحدیث" کس نے لکھی؟

A. ابن ابی حاتم ابو محمد عبدالرحمٰن الرازیؒ نے B. سید ابو احمد سجاد بخاریؒ نے

C. مولانا فخر الحسن گنگوہیؒ نے D. مولانا محمد حسن الشاطؒ نے

-211 صحیح بخاری میں کل 9082 احادیث ہیں بتلایئے کہ مکررات کو حذف کرنے کے بعد یہ تعداد کتنی رہ جاتی ہے؟

A. 2602 B. 3602

C. 4602 D. 5602

-212 امام مسلمؒ نے صحیح مسلم لکھنے کیلئے کل کتنی احادیث جمع کیں؟

A. دو لاکھ B. تین لاکھ

C. چار لاکھ D. پانچ لاکھ

-213 امام مسلمؒ نے چار لاکھ احادیث میں سے مکررات کو حذف کرنے کے بعد کل کتنی احادیث میں سے صحیح مسلم کو مدون کیا؟

A. دو لاکھ B. تین لاکھ

C. چار لاکھ D. پانچ لاکھ

-214 امام مسلمؒ نے تین لاکھ کے ذخیرہ احادیث میں سے صحیح مسلم کیلئے کتنی احادیث کا انتخاب کیا؟

A. 4275 B. 5275

C. 6275 D. 7275

-215 ایم اے اسلامیات کے نصاب میں حدیث کی کس کتاب کے ابواب شامل ہیں؟
A. مشکوۃ المصابیح B. ریاض الصالحین
C. اللؤلؤ والمرجان D. موطاء امام محمدؒ

-216 کتاب "اللؤلؤ والمرجان" کا پورا نام کیا ہے؟
A. کتاب اللؤلؤ والمرجان B. کتاب اللولو والمرجان فی ما اتفق علیہ الشیخان
C. کتاب اللئو لو و المرجان من حدیث خیر الانام D. کتاب اللئو لو والمرجان من حدیث رسول اللہ

-217 کتاب "اللؤلؤ والمرجان" کے مولف کا نام بتائیں۔
A. علامہ ابن حجر عسقلانیؒ B. امام بخاریؒ
C. امام مسلمؒ D. علامہ محمد فواد عبدالباقی

-218 کتاب "اللؤلؤ والمرجان" کا نام قرآن حکیم کی کس سورت سے ماخوذ ہے؟
A. سورۃ الرحمٰن B. سورۃ یٰسین
C. سورۃ طٰہٰ D. سورہ الملک

-219 کتاب "اللؤلؤ والمرجان" میں کس قسم کی احادیث کو جمع کیا گیا ہے؟
A. جو بخاری و مسلم دونوں میں نہیں ہے B. جو بخاری و مسلم دونوں میں موجود ہیں
C. جو بخاری و مسلم کی شرط کے مطابق نہیں ہیں D. جو بخاری و مسلم دونوں کی شرط کے مطابق ہیں

-220 کتاب "اللؤلؤ والمرجان" کل کتنی کتب پر مشتمل ہے؟
A. 52 B. 53
C. 54 D. 55

-221 کتاب "اللؤلؤ والمرجان" میں کل کتنے ابواب ہیں؟
A. 952 B. 953
C. 954 D. 955

-222 کتاب "اللؤلؤ والمرجان" میں کل کتنی احادیث لائی گئی ہیں؟
A. 1904 B. 1905
C. 1906 D. 1907

-223 کتاب "اللؤلؤ والمرجان" کی احادیث بخاری و مسلم کی متفق علیہ ہیں۔ بتلایئے کہ اس کتاب میں احادیث کا متن کس کتاب میں سے لیا گیا ہے؟
A. بخاری میں سے B. مسلم میں سے
C. دونوں میں سے D. ان میں سے کسی سے بھی نہیں

-224 کتاب "اللؤلؤ والمرجان" کی احادیث بخاری و مسلم کی متفق علیہ ہیں۔ بتلایئے کہ اس کتاب کے ابواب کی ترتیب کس کتاب کے مطابق رکھی گئی ہے؟
A. بخاری کے مطابق B. مسلم کے مطابق

C. دونوں کے مطابق D. دونوں سے الگ اپنی ترتیب ہے

225- کتاب "اللؤلؤ والمرجان" میں ابواب کے نمبر شمار مسلم کے مطابق ہیں لیکن کئی ابواب درمیان میں سے چھوڑ دیئے گئے ہیں مثلاً کتاب الایمان کے بابِ نمبر 1 کے بعد باب نمبر 3 لایا گیا ہے۔ درمیان میں سے باب نمبر 2 چھوڑ دیا گیا ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟

A. اس باب کی احادیث صرف مسلم میں ہیں، بخاری میں نہیں
B. اس باب کی احادیث صرف بخاری میں ہیں، مسلم میں نہیں ہیں
C. اس باب کی احادیث فواد عبدالباقی کے صحت کے معیار پر پوری نہیں اترتیں
D. اس باب کی احادیث کو غیر اہم سمجھ کر نظر انداز کیا گیا ہے

226- ایم۔اے اسلامیات کے نصاب میں کتاب "اللؤلؤ والمرجان" کی کتنی کتب کے ابواب شامل ہیں؟

A. چار B. پانچ
C. چھ D. سات

227- ایم۔اے اسلامیات کے نصاب میں کتاب "اللؤلؤ والمرجان" کے کتنے ابواب شامل ہیں؟

A. 70 B. 80
C. 90 D. 100

228- ایم۔اے اسلامیات کے نصاب میں کتاب "اللؤلؤ والمرجان" کی کتنی احادیث شامل ہیں؟

A. 153 B. 253
C. 353 D. 453

229- کتاب "اللؤلؤ والمرجان" میں ہر حدیث کے بعد بخاری سے اس کی تخریج کی گئی ہے۔ مسلم سے تخریج کیوں نہیں کی گئی؟

A. کیونکہ مسلم اتنی اہم نہیں ہے
B. مسلم سے تخریج قاری کی محنت پر چھوڑ دی گئی ہے
C. کیونکہ یہ ترتیب ہی مسلم کی ہے اس لیے ضرورت نہ تھی
D. مصنف کو مسلم سے تخریج کا موقع نہیں مل سکا تھا

230- "اللؤلؤ والمرجان" کا لفظی معنی کیا ہے؟

A. موتی اور مونگے B. ہیرے اور موتی
C. جواہرات اور ہیرے D. سونا اور چاندی

231- کتاب "اللؤلؤ والمرجان" کی کتب میں سے سب سے پہلی کتاب کا کیا نام ہے؟

A. کتاب التفسیر B. کتاب الذھد والرقائق
C. کتاب الایمان D. کتاب الجہاد

232- کتاب "اللؤلؤ والمرجان" کی کتب میں سے سب سے آخری کتاب کا کیا نام ہے؟

A. کتاب التفسیر B. کتاب الذھد والرقائق
C. کتاب الایمان D. کتاب الجہاد

233- ایم۔اے اسلامیات کے نصاب میں کتاب "اللؤلؤ والمرجان" کی جو کتب شامل ہیں ان میں سے سب سے پہلی کا نام کیا ہے؟

A. کتاب التفسیر B. کتاب الذھد والرقائق
C. کتاب الایمان D. کتاب الجہاد

234- ایم۔اسلامیات کے نصاب میں کتاب ''اللؤلؤوالمرجان'' کی جو کتب شامل ہیں ان میں سے سب سے آخری کا نام کیا ہے؟
A. کتاب التفسیر B. کتاب الذھد والرقائق
C. کتاب الایمان D. کتاب الجہاد

235- ایم۔اے اسلامیات کے نصاب میں کتاب ''اللؤلؤوالمرجان'' کی سات کتب کے ابواب شامل ہیں ان میں سے چھ کتب کے دس دس ابواب شامل ہیں جبکہ ایک کتاب کے بیس ابواب شامل ہیں۔ بتایئے وہ کونسی ہے؟
A. کتاب التفسیر B. کتاب الذھد والرقائق
C. کتاب الایمان D. کتاب الجہاد

236- ایم۔اے اسلامیات کے نصاب میں کتاب ''اللؤلؤوالمرجان'' سے جو سب سے پہلی حدیث لی گئی ہے اسے کیا کہا جاتا ہے؟
A. حدیث اول B. حدیب ابی ہریرہؓ
C. حدیث رجل D. حدیث جبریلؑ

237- اسلام کے بنیادی عقائد کتنے ہیں؟
A. پانچ B. دس
C. پندرہ D. بیس

238- ارکان اسلام کی تعداد کتنی ہے؟
A. پانچ B. دس
C. پندرہ D. بیس

239- وہ کونسا وفد تھا کہ جسے حضور اکرمؐ نے چار چیزوں حنتم، دباء، نقیر اور مزفت سے منع فرمایا تھا؟
A. وفد نصاریٰ نجران B. وفد عبدالقیس
C. وفد حبشہ D. وفد بنو تمیم

240- حضور اکرمؐ کا وہ کونسا چچا تھا کہ جسے آخری وقت بھی حضور اکرمؐ ایمان قبول کرنے کی تلقین فرماتے رہے لیکن اس نے ایمان قبول نہیں کیا؟
A. حمزہؓ B. عباسؓ
C. ابوطالبؓ D. ابولہب

241- وہ کونسے دو شخص تھے کہ جو ابوطالب کو آخری وقت میں بھی ایمان قبول کرنے سے روکتے رہے جبکہ حضور اکرمؐ انہیں دعوت ایمان دے رہے تھے؟
A. ابولہب و ابوجہل B. ولید بن مغیرہ و امیہ بن خلف
C. ابوجہل و ولید بن مغیرہ D. ابوجہل و عبداللہ بن ابوامیہ بنی مغیرہ

242- وہ کونسے صحابیؓ ہیں کہ جنہیں حضور اکرمؐ نے بندوں پر اللہ کے حق اور اللہ پر بندوں کے حق کے متعلق خبر دی تھی؟
A. حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ B. حضرت ابوبکر صدیقؓ
C. حضرت معاذ بن جبلؓ D. حضرت علی المرتضیٰؓ

243- وہ کونسا علاقہ ہے کہ جس کے متعلق حضور اکرمؐ نے فرمایا کہ ایمان وہاں ہے؟
A. شام B. مصر
C. اردن D. یمن

244- ایک حدیث مبارکہ میں منافق کی تین علامات بتلائی گئی ہیں: پہلی یہ کہ جب بات کرے تو جھوٹ بولے دوسری یہ کہ جب وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے۔ بتلایئے تیسری علامت آپؐ نے کیا فرمائی؟

A. جب اسے امانت دی جائے تو خیانت کرے
B. جب معاہدہ کرے تو اسے توڑ دے
C. جب لڑائی کرے تو گالی گلوچ پر اتر آئے
D. جب زمین پر چلے تو اکڑ کر چلے

245- بیع ملامسہ کسے کہتے ہیں؟

A. جس میں کپڑے کا پھینکنا بیع سمجھا جائے
B. جس میں کپڑا چھونے سے بیع ہو جائے
C. جانور کے حمل کی بیع
D. جانور کے حمل کے حمل کی بیع

246- بیع منابذہ کسے کہتے ہیں؟

A. جس میں کپڑے کا پھینکنا بیع سمجھا جائے
B. جس میں کپڑا چھونے سے بیع ہو جائے
C. جانور کے حمل کی بیع
D. جانور کے حمل کے حمل کی بیع

247- کپڑے کو اس طرح اوڑھنا کہ ایک کندھا کھلا ہوا اور دوسرے پر کپڑا ہو کیا کہلاتا ہے؟

A. اشتمال
B. احتباء
C. سدل
D. ازار

248- کپڑے کو اس طرح ٹانگوں پر لپیٹ کر بیٹھنا کہ جس سے شرمگاہ کا حصہ کھل جاتا ہو کیا کہلاتا ہے؟

A. اشتمال
B. احتباء
C. سدل
D. ازار

249- بیع حبل الحبلہ کسے کہتے ہیں؟

A. جس میں کپڑے کا پھینکنا بیع سمجھا جائے
B. جس میں کپڑا چھونے سے بیع ہو جائے
C. جانور کے حمل کی بیع
D. جانور کے حمل کے حمل کی بیع

250- نجش کسے کہتے ہیں؟

A. دوسرے کی بولی پر بولی لگانا
B. خریدنے کے ارادے کے بغیر صرف دھوکا دے کر بھاؤ بڑھانے کے لیے بولی لگانا
C. دوسرے کی خریدی ہوئی چیز پر قبضہ کر لینا
D. اپنے اثر و رسوخ سے اپنے حق میں سودا کرنا

251- تصریہ کسے کہتے ہیں؟

A. جانور کو خوب کھلا پلا کر موٹا کرنا
B. جانور پر کوئی خاص نشان لگانا
C. جانور کے تھنوں میں دودھ روکنا
D. جانور کو کھلا چھوڑ دینا

252- سمسار کا کیا معنی ہے؟
A. بیوپاری
B. خریدار
C. مزدور
D. دلال

253- بیع مزابنہ کسے کہتے ہیں؟
A. درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کو خشک کھجوروں کے بدلے فروخت کرنا
B. سونے اور چاندی کی خرید و فروخت
C. ادھار فروخت کرنا
D. کپڑے کے بدلے کپڑا فروخت کرنا

254- اگر ایک باغ کا مالک اپنے درختوں میں سے کچھ درخت کسی غریب کو دے دے اور وہ غریب اپنی وقتی ضرورت کے تحت ان درختوں کے پھلوں کو کسی کے ہاتھ خشک پھلوں کے بدلے بیچ دے تو اس صورت کو کیا کہتے ہیں؟
A. بیع النخل
B. بیع ملامسہ
C. بیع مزابنہ
D. عریہ یا عرایا

255- حضور اکرمؐ نے کس قبیلہ پر ان کی غفلت میں اچانک حملہ کیا تھا؟
A. قریش
B. بنونضیر
C. بنومصطلق
D. بنوقریظہ

256- حضور اکرمؐ نے کس قبیلہ کے درخت دوران جنگ کاٹے؟
A. قریش
B. بنونضیر
C. بنومصطلق
D. بنوقریظہ

257- حضور اکرمؐ کی زوجہ محترمہ حضرت جویریہؓ کس قبیلہ کے سردار کی بیٹی تھیں؟
A. قریش
B. بنونضیر
C. بنومصطلق
D. بنوقریظہ

258- حضور اکرمؐ نے کن دو مشہور صحابہ کرامؓ کو یمن کا گورنر بنا کر بھیجا؟
A. حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ اور حضرت معاذ بن جبلؓ کو
B. حضرت طلحہؓ اور حضرت زبیرؓ کو
C. حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اور حضرت سعید بن زیدؓ کو
D. حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ اور حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ کو

259- حضور اکرمؐ نے کس موقع پر دھوکہ کو جائز قرار دیا؟
A. خرید و فروخت کے موقع پر
B. شادی بیاہ کے موقع پر
C. تقریبات کے موقع پر
D. جنگ کے موقع پر

260- حضور اکرمؐ نے بنونضیر کے جو درخت کاٹے تھے انہیں کیا کہا جاتا تھا؟
A. نخلہ
B. لینہ
C. بویرہ
D. اشجارف

261- حضور اکرمؐ نے جب بنونضیر کے درخت کاٹے تو کس سورت کی آیت نازل ہوئی؟

A. سورہ الفتح کی
B. سورہ الحشر کی
C. سورہ الفرقان کی
D. سورہ یٰسین کی

262- وہ کونسے نبی تھے کہ جن کے جہاد کے لیے سورج روک دیا گیا؟
A. حضور اکرمؐ
B. حضرت الیسعؑ
C. حضرت یوشع بنی نونؑ
D. حضرت یحییٰؑ

263- حضور اکرمؐ کے فرمان کے مطابق آئمہ کس قبیلے سے ہوں گے؟
A. قریش
B. اوس
C. خزرج
D. ان میں سے کوئی نہیں

264- آیت اطیعو اللہ واطیعو الرسول و اول الامر منکم کس صحابی کے متعلق نازل ہوئی؟
A. حضرت ابوبکر صدیقؓ کے متعلق
B. حضرت عبداللہ بن حذافہؓ کے متعلق
C. حضرت معاذ بن جبلؓ کے متعلق
D. حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کے متعلق

265- حضور اکرمؐ نے سمع وطاعت کا حکم کب تک دیا ہے؟
A. جب تک آسانی سے ہو سکے
B. جب تک امیر مجبور کرے
C. جب تک معصیت کا حکم نہ دیا
D. جب تک بندے کا جی چاہے جائے

266- وہ کونسے نبی تھے کہ جنہوں نے شیر خوارگی کی عمر میں مضاحت وبلاغت کے سات کلام کیا؟
A. حضور اکرمؐ
B. حضرت ابراہیمؑ
C. حضرت موسیٰؑ
D. حضرت عیسیٰؑ

267- حضور اکرمؐ نے کتنے دن سے زیادہ اپنے مسلمان بھائی سے بول چال بند رکھنے سے منع فرمایا؟
A. ایک دن سے زیادہ
B. تین دن سے زیادہ
C. پانچ دن سے زیادہ
D. سات دن سے زیادہ

268- حدیث قدسی میں ہے کہ اللہ فرماتے ہیں کہ اگر بندہ میرا ذکر جماعت میں کرے تو میں اس سے بہتر جماعت میں اس کا ذکر کرتا ہوں۔ یہاں بہتر جماعت سے کونسی جماعت مراد ہے؟
A. انبیاء کی جماعت
B. اولیاء اللہ کی جماعت
C. فرشتوں کی جماعت
D. صالحین کی جماعت

269- وہ کونسے دو کلمات ہیں کہ جن کو حضور اکرمؐ نے زبان پر خفیف، میزان میں ثقیل اور رحمٰن کے پسندیدہ قرار دیا ہے؟
A. سبحان اللہ وبحمدہٖ سبحان اللہ
B. سبحان اللہ الحمد اللہ العظیم
C. اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ
D. الحمد للہ لا الٰہ الا اللہ

270- حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کا اصل نام کیا تھا؟ بف
A. ابراہیم بن محمد
B. عبداللہ بن قیس
C. علی بن عبداللہ
D. معاویہ بن عبداللہ بف

حضور اکرمؐ نے کس کلمہ کو جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ قرار دیا؟
A. لا الٰہ الا اللہ B. اللہ اکبر
C. لبیک اللھم لبیک D. لاحول ولا قوۃ الا باللہ

271- حدیث نبویؐ کے مطابق کونسی تین چیزیں میت کے ساتھ جاتی ہیں؟
A. اسکے اعمال B. اسکے گھر والے' اس کا مال اور اس کے اعمال
C. اسکے گھر والے' اسکے اعمال اور اسکے مصائب D. اسکا مال' اس کے قرض اور اس کے اعمال

272- حدیث نبویؐ کے مطابق تین چیزیں میت کے ساتھ جاتی ہیں اور پھر ان میں سے دو واپس آ جاتی ہیں' صرف ایک ساتھ رہتی ہے۔ وہ کونسی چیز ہے؟
A. اس کے اعمال B. اس کا مال
C. اس کے گھر والے D. اس کے قرض

273- حضور اکرمؐ نے بحرین کی طرف جزیہ وصول کرنے کس صحابیؓ کو بھیجا تھا؟
A. حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ کو B. حضرت عمرو بن عوفؓ کو
C. حضرت علاء بن خضریؓ کو D. حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کو

274- حضور اکرمؐ نے بحرین کا امیر کس صحابی کو بنایا تھا؟
A. حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ کو B. حضرت عمرو بن عوفؓ کو
C. حضرت علاء بن خضریؓ کو D. حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کو

275- حضور اکرمؐ نے ایک کوڑھی' ایک گنجے اور ایک اندھے کی آزمائش کا واقعہ بیان فرمایا۔ بتایئے کہ ان میں سے کون آزمائش میں کامیاب ہوا؟
A. کوڑھی B. گنجا
C. اندھا D. کوئی بھی نہیں

276- کوڑھی' گنجے اور اندھے کے واقعہ میں کوڑھی نے اپنے لیے کونسا جانور پسند کیا؟
A. اونٹ B. گائے
C. بکری D. گھوڑا

277- کوڑھی' گنجے اور اندھے کے واقعہ میں گنجے نے اپنے لیے کونسا جانور پسند کیا؟
A. اونٹ B. گائے
C. بکری D. گھوڑا

278- کوڑھی' گنجے اور اندھے کے واقعہ میں اندھے نے اپنے لیے کونسا جانور پسند کیا؟
A. اونٹ B. گائے
C. بکری D. گھوڑا

279- کونسے صحابیؓ ہیں کہ جن کا دعویٰ تھا کہ میں سب سے پہلا عرب ہوں کہ جس نے اللہ کی راہ میں تیر اندازی کی؟
A. حضرت عمر فاروقؓ B. حضرت علی المرتضیٰؓ
C. حضرت خالد بن ولیدؓ D. حضرت سعد بن ابی وقاصؓ

280- حضرت عائشہؓ کے بیان کے مطابق جب کبھی بھی آلِ محمدؐ نے دو کھانے کھائے تو ان میں سے ایک کیا ہوتا تھا؟
A. گوشت B. پھل
C. کھجور D. بادام

281- حضرت عائشہؓ اور حضرت عروہؒ کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

A. حضرت عائشہؓ حضرت عروہؓ کی خالہ تھیں
B. حضرت عائشہؓ حضرت عروہؓ کی پھوپھی تھیں
C. حضرت عائشہؓ حضرت عروہؓ کی خالہ زاد بہن تھیں
D. حضرت عائشہؓ حضرت عروہؓ کی پھوپھی زاد بہن تھیں

283- حضرت عائشہؓ نے کھانے والی کن دو چیزوں کو دو سیاہ چیزیں کہا؟
A. کھجور اور جامن
B. جامن اور ملوک
C. کھجور اور بینگن
D. کھجور اور پانی

284- قوم ثمود کے علاقے کا کیا نام تھا؟
A. مکہ
B. حجر
C. ایکہ
D. مدین

285- تشمیت کسے کہتے ہیں؟
A. کسی کی چھینک کے جواب میں یرحمک اللہ کہنا
B. چھینک آنے پر خود الحمد اللہ کہنا
C. بسم اللہ پڑھنا
D. اعوذ باللہ پڑھنا

286- تثاؤب کسے کہتے ہیں؟
A. چھینک کو
B. اونگھ کو
C. جمائی کو
D. مدہوشی کو

287- حدیث نبویؐ کے مطابق جمائی کس کی طرف سے ہے؟
A. اللہ کی طرف سے
B. بندے کی اپنی طرف سے
C. جنات کی طرف سے
D. شیطان کی طرف سے

288- چوہے کس جانور کا دودھ پینے سے گریز کرتے ہیں؟
A. اونٹ کا
B. گائے کا
C. بھینس کا
D. بکری کا

289- حضور اکرمؐ نے کس قوم کے متعلق فرمایا تھا کہ ان کا ایک گروہ گم ہو گیا تھا اور میرا خیال ہے کہ ان کی شکلیں مسخ کر کے انہیں چوہے بنا دیا گیا ہے؟
A. قوم لوط کے متعلق
B. قوم نوح کے متعلق
C. بنی اسرائیل کے متعلق
D. قوم عمالقہ کے متعلق

290- حدیث "اتق دعوة المظلوم فانها ليس بينها و بين الله حجاب" "کتاب "المکلوو المرجان" کی کس کتاب میں سے ہے؟
A. کتاب الایمان
B. کتاب البر والصلہ والآداب
C. کتاب الذھد والرقائق
D. کتاب البیوع

291- حدیث "لا يبيع بعضكم على بيع اخيه" کتاب "المکلوو المرجان" کی کس کتاب میں سے ہے؟
A. کتاب الایمان
B. کتاب البر والصلہ والآداب
C. کتاب الذھد والرقائق
D. کتاب البیوع

292- حدیث "لا يدخل الجنته قاطع" کتاب "المکلوو المرجان" کی کس کتاب میں سے ہے؟
A. کتاب الایمان
B. کتاب البر والصلہ والآداب

C. کتاب الذھد والرقائق D. کتاب البیوع

-293 حدیث ''اللھم ارزق آل محمد قوتا'' کتاب ''اللؤلؤ والمرجان'' کی کس کتاب میں سے ہے؟

A. کتاب الایمان B. کتاب البر والصلہ والآداب

C. کتاب الذھد والرقائق D. کتاب البیوع

-294 حدیث ''الحرب خدعة'' کتاب ''اللؤلؤ والمرجان'' کی کس کتاب میں سے ہے؟

A. کتاب الایمان B. کتاب البر والصلہ والآداب

C. کتاب الجہاد D. کتاب البیوع

-295 حدیث ''لا یدخل الجنته قاطع'' کا کیا مفہوم ہے؟

A. مشرک جنت میں داخل نہ ہوگا B. قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا

C. قاتل جنت میں داخل نہ ہوگا D. زانی جنت میں داخل نہ ہوگا

-296 ''اللؤلؤ والمرجان'' کی ''کتاب البر والصلہ'' کا پورا نام کیا ہے؟

A. کتاب البر والصلہ والادب B. کتاب البر والصلہ والآداب

C. کتاب البر والصلہ والاخلاق D. کتاب البر والصلہ والمعاشرہ

-297 ''اللؤلؤ والمرجان'' کی ''کتاب الذکر والدعا'' کا پورا نام کیا ہے؟

A. کتاب الذکر والدعاء والتسبیح B. کتاب الذکر والدعاء والذھد

C. کتاب الذکر والدعاء والتوبہ D. کتاب الذکر والدعاء والتوبہ والاستغفار

-298 ''اللؤلؤ والمرجان'' کی ''کتاب الذھد'' کا پورا نام کیا ہے؟

A. کتاب الذھد والرقائق B. کتاب الزھد والزاھد

C. کتاب الذھد والتقویٰ D. کتاب الذھد والعصیان

-299 حدیث جبریل میں حضرت جبرائیلؑ نے حضور اکرمؐ سے ایمان اور اسلام کے بعد تیسرا سوال کس چیز کے متعلق کیا تھا؟

A. عبادت کے متعلق B. قیامت کے متعلق

C. اخلاق کے متعلق D. احسان کے متعلق

-300 حدیث جبریل میں حضرت جبرائیل نے حضور اکرمؐ سے چوتھا اور آخری سوال کس چیز کے متعلق کیا تھا؟

A. عبادت کے متعلق B. قیامت کے متعلق

C. اخلاق کے متعلق D. احسان کے متعلق

☆☆☆☆☆

جوابات

A	-4	B	-3	A	-2	C	-1
D	-8	B	-7	A	-6	B	-5
B	-12	C	-11	B	-10	C	-9
C	-16	B	-15	D	-14	A	-13
D	-20	B	-19	A	-18	C	-17
C	-24	B	-23	C	-22	B	-21
C	-28	A	-27	D	-26	D	-25
A	-32	B	-31	A	-30	B	-29
B	-36	C	-35	D	-34	B	-33
D	-40	B	-39	A	-38	A	-37
C	-44	C	-43	C	-42	B	-41
C	-48	D	-47	D	-46	A	-45
D	-52	C	-51	A	-50	C	-49
B	-56	D	-55	A	-54	B	-53
D	-60	C	-59	D	-58	B	-57
B	-64	A	-63	B	-62	B	-61
B	-68	D	-67	A	-66	D	-65
D	-72	A	-71	C	-70	C	-69
A	-76	C	-75	A	-74	B	-73
D	-80	D	-79	D	-78	B	-77
C	-84	B	-83	C	-82	A	-81
D	-88	A	-87	D	-86	D	-85
B	-92	C	-91	A	-90	B	-89
B	-96	C	-95	C	-94	D	-93
C	-100	A	-99	A	-98	D	-97
A	-104	B	-103	D	-102	B	-101
C	-108	D	-107	A	-106	C	-105
B	-112	C	-111	D	-110	A	-109
D	-116	B	-115	D	-114	B	-113

A	-120	D	-119	C	-118	A	-117
A	-124	C	-123	B	-122	A	-121
D	-128	C	-127	B	-126	A	-125
D	-132	D	-131	A	-130	C	-129
C	-136	A	-135	C	-134	A	-133
C	-140	D	-139	C	-138	B	-137
C	-144	A	-143	B	-142	D	-141
A	-148	D	-147	A	-146	B	-145
B	-152	C	-151	D	-150	C	-149
C	-156	A	-155	D	-154	D	-153
D	-160	B	-159	D	-158	B	-157
A	-164	C	-163	B	-162	C	-161
C	-168	B	-167	D	-166	A	-165
A	-172	A	-171	B	-170	A	-169
C	-176	D	-175	A	-174	D	-173
C	-180	A	-179	A	-178	B	-177
B	-184	C	-183	D	-182	B	-181
A	-188	C	-187	A	-186	C	-185
B	-192	A	-191	C	-190	D	-189
D	-196	C	-195	D	-194	A	-193
B	-200	B	-199	A	-198	B	-197
D	-204	A	-203	C	-202	D	-201
C	-208	B	-207	C	-206	A	-205
C	-212	A	-211	A	-210	B	-209
B	-216	C	-215	D	-214	B	-213
C	-220	B	-219	A	-218	D	-217
B	-224	A	-223	C	-222	B	-221
A	-228	B	-227	D	-226	A	-225
A	-232	C	-231	A	-230	C	-229
D	-236	C	-235	B	-234	C	-233
C	-240	B	-239	A	-238	A	-237
A	-244	D	-243	C	-242	D	-241
B	-248	A	-247	A	-246	B	-245

D	-252	C	-251	B	-250	D	-249
B	-256	C	-255	D	-254	A	-253
C	-260	D	-259	A	-258	C	-257
B	-264	A	-263	C	-262	B	-261
C	-268	B	-267	D	-266	C	-265
A	-272	D	-271	B	-270	A	-269
C	-276	A	-275	C	-274	C	-273
D	-280	C	-279	B	-278	A	-277
B	-284	D	-283	A	-282	C	-281
A	-288	D	-287	C	-286	A	-285
B	-292	D	-291	A	-290	C	-289
B	-296	B	-295	C	-294	C	-293
B	-300	D	-299	A	-298	D	-297

.....☆.....

تقابل اَدیان

-1 تقابل کا کیا معنی ہے؟

A. مقابلہ وموازنہ
B. لڑائی کرنا
C. فساد پھیلانا
D. فرقہ پرستی

-2 ادیان کس لفظ کی جمع ہے؟

A. دن کی
B. دان کی
C. دَین کی
D. دِین کی

-3 شریعت اسلامیہ میں عموماً اسلام کے لیے کونسا لفظ استعمال کیا گیا ہے؟

A. مذہب
B. دین
C. مسلک
D. فرقہ

-4 امام راغب اصفہانیؒ نے دین کا کیا معنی کیا ہے؟

A. شریعت
B. اطاعت
C. الطاعۃ والجزاء
D. الفقہ والمذہب

-5 ذیل میں ہم تقابل ادیان کی چار مختلف تعریفیں کر رہے ہیں جن میں سے تین تعریفوں کو واقعی قبول کیا جاسکتا ہے لیکن ایک تعریف ایسی ہے کہ جسے تقابلِ ادیان کی تعریف قرار دینا غلط اور نامناسب ہے۔ بتایئے وہ کونسی تعریف ہے؟

A. مختلف مذاہب کا بغیر کسی تبصرہ کے صرف مطالعہ کیا جائے۔ اُن کی خوبیوں اور خامیوں پر بحث نہ کی جائے صرف ان کے بنیادی نظریات کو سامنے کردیا جائے۔ باقی ان میں کوئی خوبی یا خامی ہے اس کا فیصلہ قاری پر چھوڑ دیا جائے

B. مختلف مذاہب کا اس طرح سے مطالعہ کیا جائے کہ اس میں ان کی خوبیوں اور خامیوں پر بحث بھی کی جائے۔ خوبیوں کو کھلے دل سے تسلیم کیا جائے اور خامیوں کا دلائل سے رد کیا جائے لیکن بحیثیت مجموعی کسی ایک مذہب کے حق میں فیصلہ نہ دیا جائے۔ یہ فیصلہ قاری پر چھوڑ دیا جائے کہ ان خوبیوں اور خامیوں کو دیکھتے ہوئے وہ کس مذہب کو ترجیح دیتا ہے۔

C. مختلف مذاہب کی خوبیوں اور خامیوں پر تفصیلی تبصرہ کے بعد کسی ایک مذہب کے حق میں فیصلہ بھی دے دیا جائے

D. مطالعہ سے پہلے ہی ایک مذہب ذہن میں صحیح متعین کرلیا جائے۔ مطالعہ کے دوران اس کی خامیوں کو بھی تاویلات کے ذریعے خوبیوں میں بدلنے کی کوشش کی جائے اور دیگر مذاہب کی خوبیوں کو بھی نظرانداز کرنے یا ان کی اہمیت کو گرانے کی کوشش کی جائے

-6 وہ کونسی کتاب ہے کہ جسے تقابل ادیان کے حوالہ سے صحیح معنوں میں پہلی کتاب قرار دیا جاسکتا ہے؟

A. بائبل
B. قرآن حکیم
C. صحیح بخاری
D. کتاب الملل والنحل

-7 ''کتاب الملل والنحل'' کے مؤلف کون تھے؟

A. ابن حزم ظاہری
B. ابوالفتح عبدالکریم شہرستانی
C. علامہ ابن تیمیہؒ
D. البیرونی

8- ''الفصل فی الملل والاھواء والنحل'' کے مؤلف کا نام بتایئے۔

A. ابن حزم ظاہری
B. ابوالفتح عبدالکریم شہرستانی
C. علامہ ابن تیمیہؒ
D. البیرونی

9- ''کتاب الہند'' کس نے لکھی؟

A. ابن حزم ظاہری
B. ابوالفتح عبدالکریم شہرستانی
C. علامہ ابن تیمیہؒ
D. البیرونی

10- ''الجواب الصحیح لمن بدل دین المسیح'' کس کی کتاب ہے؟

A. ابن حزم ظاہری
B. ابوالفتح عبدالکریم شہرستانی
C. علامہ ابن تیمیہؒ
D. البیرونی

11- ''مقارنۃ الادیان'' کس نے لکھی؟

A. اکبر شاہ نجیب آبادی
B. سید سلیمان ندویؒ
C. ڈاکٹر احمد شلبی
D. عماد الحسن آزاد فاروقی

12- ''دنیا کے بڑے مذہب'' کس کی تصنیف ہے؟

A. اکبر شاہ نجیب آبادی
B. سید سلیمان ندویؒ
C. ڈاکٹر احمد شلبی
D. عماد الحسن آزاد فاروقی

13- ''آئینۂ حقیقت نما'' کے مصنف کا نام بتایئے۔

A. اکبر شاہ نجیب آبادی
B. سید سلیمان ندویؒ
C. ڈاکٹر احمد شلبی
D. عماد الحسن آزاد فاروقی

14- ''خطبات مدراس'' کے مؤلف کون تھے؟

A. اکبر شاہ نجیب آبادی
B. سید سلیمان ندویؒ
C. ڈاکٹر احمد شلبی
D. عماد الحسن آزاد فاروقی

15- ''بائبل، قرآن اور سائنس'' کس نے لکھی؟

A. سید علی حیدر
B. رحمت اللہ کیرانوی
C. قاضی مجیب الرحمٰن
D. مورس بوکائیے

16- ''اظہار الحق'' کس کی تصنیف ہے؟

A. سید علی حیدر
B. رحمت اللہ کیرانوی
C. قاضی مجیب الرحمٰن
D. مورس بوکائیے

17- ''ادیان عالم اور فرقہ ہائے اسلام'' کے مصنف کا نام بتایئے۔

A. سید علی حیدر
B. رحمت اللہ کیرانوی
C. قاضی مجیب الرحمٰن
D. مورس بوکائیے

18- ''یہودیت'' کس کی تصنیف ہے؟

A. سید علی حیدر
B. رحمت اللہ کیرانوی

C. قاضی مجیب الرحمٰن
D. مورس بوکائیے

-19 وہ کونسے مذاہب ہیں کہ جنہیں سامی مذاہب کہا جاتا ہے؟
A. ہندوستان کے مذاہب
B. چین کے مذاہب
C. اسلام سے قبل کے تمام مذاہب
D. تمام الہامی مذاہب

-20 سامی مذاہب کی کل کتنی کتابیں ہیں؟
A. چار
B. پانچ
C. دس
D. پچیس

-21 کس مفکر نے مذہب کو عالم تنہائی کے چند جذبات، اعمال اور تجربات قرار دیا ہے کہ جن سے خدا سے تعلق پیدا ہو؟
A. میکس ملر
B. کالورٹن
C. ولیم جیمز
D. پروفسر ٹیلر

-22 کس مفکر نے تسخیر کائنات کی انسانی قوت کو مذہب قرار دیا ہے؟
A. میکس ملر
B. کالورٹن
C. ولیم جیمز
D. پروفسر ٹیلر

-23 غیر محدود کے ادراک کی ذہنی صلاحیت کو مذہب کس نے قرار دیا ہے؟
A. میکس ملر
B. کالورٹن
C. ولیم جیمز
D. پروفیسر ٹیلر

-24 کس مفکر کے خیال میں روحانی ہستیوں پر ایمان کو مذاہب کہا جائے گا؟
A. میکس ملر
B. کالورٹن
C. ولیم جیمز
D. پروفسر ٹیلر

-25 جی گرجیف کے نزدیک مذہب کیا ہے؟
A. احتیاج کے احساس سے روحانی ہستیوں کی پرستش
B. خداوند قدوس پر تمام تر جزئیات کے ساتھ ایمان
C. کسی شئے کو مقدس سمجھنا
D. انسانی تصور

-26 ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم کے نزدیک مذہب کیا ہے؟
A. احتیاج کے احساس سے روحانی ہستیوں کی پرستش
B. خداوند قدوس پر تمام تر جزئیات کے ساتھ ایمان
C. کسی شئے کو مقدس سمجھنا
D. انسانی تصور

-27 ہکسلے کے نزدیک مذہب کیا ہے؟
A. احتیاج کے احساس سے روحانی ہستیوں کی پرستش
B. خداوند قدوس پر تمام تر جزئیات کے ساتھ ایمان
C. کسی شئے کو مقدس سمجھنا
D. انسانی تصور

-28 پروفسر مینینر کے نزدیک مذہب کیا ہے؟
A. احتیاج کے احساس سے روحانی ہستیوں کی پرستش
B. خداوند قدوس پر تمام تر جزئیات کے ساتھ ایمان
C. کسی شئے کو مقدس سمجھنا
D. انسانی تصور

29- کس مفکر نے ان معقول خیالات کے مجموعے کو مذہب قرار دیا ہے کہ جن کا مقصد تمام افراد کو انسانی رشتہ میں منسلک کرنا اور جسمانی فائدوں سے اس طرح بہرہ یاب کرنا ہے کہ جس طرح قوت عقلیہ سے وہ ہدایت حاصل کرتے ہیں؟

A. ڈولف اوٹو B. فرید وجدی
C. برونائیٹ ہیڈ D. پارکر

30- کس مفکر نے اس اعتقادی قوت کو مذہب کہا ہے کہ جس سے انسان اور انسانی کردار میں انقلاب پیدا ہو؟

A. ڈولف اوٹو B. فرید وجدی
C. برونائیٹ ہیڈ D. پارکر

31- کس مفکر نے اندرونی و بیرونی فطری قوانین الٰہی کی اطاعت کو مذہب قرار دیا ہے؟

A. ڈولف اوٹو B. فرید وجدی
C. برونائیٹ ہیڈ D. پارکر

32- کس مفکر نے ان اخلاقی ضابطوں کو مذہب قرار دیا ہے جن میں جذبات سمو جائیں؟

A. فرید وجدی B. برونائیٹ ہیڈ
C. پارکر D. میتھیو آرنلڈ

33- کس مفکر نے مذہب کو ایک ایسی غیبی حقیقت کا مکاشفہ قرار دیا ہے جو انسان کیلئے ایک بالکل "غیر" کی شکل میں سامنے آتی ہے؟

A. ڈولف اوٹو B. میتھیو آرنلڈ
C. فرید وجدی D. برونائیٹ ہیڈ

34- کس مفکر کے خیال میں ہر انفرادی چیز کو ایک کل کا جزو سمجھنا اور ہر محدود چیز کو لامحدود کا نمائندہ سمجھنا مذہب ہے؟

A. ہوفڈنگ B. فریڈرچ
C. ای۔بی ٹیلر D. کانٹ

35- روحانی موجودات پر عقیدہ کو کس نے مذہب قرار دیا ہے؟

A. ہوفڈنگ B. فریڈرچ
C. ای۔بی ٹیلر D. کانٹ

36- کس کے نزدیک ہر فریضہ کو خدائی حکم سمجھنا مذہب ہے؟

A. ہوفڈنگ B. فریڈرچ
C. ای۔بی ٹیلر D. کانٹ

37- مذہب کے متعلق کس مفکر نے کہا ہے کہ یہ تمام روایتوں میں انہی انتہائی بنیادی صورت میں اعلیٰ قدروں کی بقاء پر یقین کا نام ہے؟

A. ہوفڈنگ B. فریڈرچ
C. ای۔بی ٹیلر D. کانٹ

38- کس مفکر نے مذہب کو موت کے تصور سے وابستہ کیا ہے؟

A. پروفیسر وائیٹ ہیڈ B. جے۔ایچ لیوبا
C. شوپنہار D. لقاء الحسن زاہد

39- "مذہب انسان کے اس رجحان فکر کا نام ہے کہ جسے وہ شعوری اور اعتقادی طور پر اپناتا ہے خواہ اس کی بنیاد کسی الہام یا وحی وغیرہ پر ہو اور خواہ وہ کسی فرد یا افراد کی ذہنی اختراع ہو۔" مذہب کی یہ تعریف کس نے کی ہے؟

A. پروفیسر وائیٹ ہیڈ B. جے۔ایچ لیوبا

C. شوپنہار D. لقاءالحسن زاہد

40- دین و مذہب میں کیا فرق ہے؟

A. دونوں بالکل مترادف ہیں B. دونوں بالکل متضاد ہیں

C. دین کا لفظ مذہب کی نسبت زیادہ وسیع معنوں میں استعمال ہوتا ہے D. مذہب کا لفظ دین کی نسبت زیادہ وسیع معنوں میں استعمال ہوتا ہے

41- ''دنیا میں ہر قوم، ہر نسل، ہر طبقہ کوئی نہ کوئی مذہب رکھتا ہے۔ عالم و جاہل، رذیل و شریف، شاہ و گدا، افریقہ کا وحشی اور یورپ کا تعلیم یافتہ سب اس میں برابر ہیں۔'' علامہ شبلی نعمانیؒ کی یہ رائے کس حد تک درست قرار دی جاسکتی ہے؟

A. مکمل طور پر درست ہے B. بالکل غلط ہے

C. مہذب اقوام کی حد تک درست ہے D. قدرے ترمیم کے ساتھ اسے درست قرار دیا جاسکتا ہے

42- ہندوؤں کے مذہبی ادب کا ایک حصہ شرتی نہایت اہم ہے۔ بتایئے شرتی کا کیا معنی ہے؟

A. قربانی کے گیت B. رٹ کر یاد کیا ہوا

C. الہامی D. دیوتاؤں کے گیت

43- ہندوؤں کے مذہبی ادب کا ایک حصہ شرتی کہلاتا ہے۔ دوسرے حصے کا کیا نام ہے؟

A. یکیہ B. سمیرتی

C. ہون D. وید

44- سمیرتی کا کیا معنی ہے؟

A. قربانی کے گیت B. رٹ کر یاد کیا ہوا

C. الہامی D. دیوتاؤں کے گیت

45- ہندوؤں کے ویدک ادب جس کو شرتی سمجھا جاتا ہے، اس میں کتنے وید شامل ہیں؟

A. چار B. پانچ

C. چھ D. سات

46- ویدک ادب کے چار ویدوں میں سے پہلے تین رگ وید، سام وید اور یجر وید ہیں۔ چوتھے وید کا نام بتایئے۔

A. برہمن وید B. رامائن وید

C. ہون وید D. اتھر وید

47- ہر وید کتنے حصوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

A. چار B. پانچ

C. چھ D. سات

48- ویدوں کا پہلا حصہ سمہتا، دوسرا حصہ برہمن اور تیسرا حصہ آرنیکا کہلاتا ہے۔ بتایئے چوتھے حصے کا نام کیا ہے؟

A. شرتی B. سمرتی

C. یاجنا D. اپنشد

49- ویدک ادب کا قدیم ترین وید کونسا ہے؟

A. رگ وید B. سام وید

C. یجروید D. اتھروید

50- وہ کونسا وید ہے کہ جو ہندوستانی آریوں کے ابتدائی مذہب یا برہمنی مت کیلئے اساسی حیثیت رکھتا ہے؟
A. رگ وید B. سام وید
C. یجروید D. اتھروید

51- وہ کونسا وید ہے جس کے بھجوں کو مخصوص قربانیوں کے موقع پر ایک مخصوص پروہت ادگاتر پڑھتا ہے؟
A. رگ وید B. سام وید
C. یجروید D. اتھروید

52- وہ کونسا وید ہے کہ جس کے بھجوں کو قربانی کے موقع پر ایک الگ پروہت ادھواریو پڑھتا ہے؟
A. رگ وید B. سام وید
C. یجروید D. اتھروید

53- وہ کونسا وید ہے کہ جو زیادہ تر جادو ٹونے اور جھاڑ پھونک کے منتروں پر مشتمل ہے؟
A. رگ وید B. سام وید
C. یجروید D. اتھروید

54- وہ کونسا وید ہے کہ جسے ایک عرصہ تک ویدوں میں شامل نہیں کیا گیا تھا؟
A. رگ وید B. سام وید
C. یجروید D. اتھروید

55- یاجنا یا یگیہ کا کیا معنی ہے؟
A. قربانی B. دیوتا
C. دیوی D. گیت

56- ہندو آگ کے دیوتا کو کیا کہتے ہیں؟
A. سوریہ دیوتا B. اندر دیوتا
C. اگنی دیوتا D. وایو دیوتا

57- ہندو سورج دیوتا کو کیا کہتے ہیں؟
A. سوریہ دیوتا B. اندر دیوتا
C. اگنی دیوتا D. وایو دیوتا

58- ہندو ہوا کے دیوتا کو کیا کہتے ہیں؟
A. سوریہ دیوتا B. اندر دیوتا
C. اگنی یوتا D. وایو دیوتا

59- ہندو بجلی اور طوفان کے دیوتا کو کیا کہتے ہیں؟
A. سوریہ دیوتا B. اندر دیوتا
C. اگنی دیوتا D. وایو دیوتا

60- ویدوں کے کس حصے کو ویدانت کہا جاتا ہے؟
A. سمیتا B. برہمن

C. آرنیکا
D. اُپنشد

61- کیا رامائن ویدوں میں شامل ہے؟
A. ہاں شامل ہے
B. شامل نہیں ہے
C. قدیم ہندوؤں کے نزدیک شامل ہے' متاخرین نے شامل نہیں سمجھا
D. قدیم ہندوؤں کے نزدیک شامل نہیں تھی' متاخرین کے نزدیک شامل ہے

62- کیا بھگوت گیتا ویدوں میں شامل ہے؟
A. ہاں شامل ہے
B. شامل نہیں ہے
C. قدیم ہندوؤں کے نزدیک شامل ہے' متاخرین نے شامل نہیں سمجھا
D. قدیم ہندوؤں کے نزدیک شامل نہیں تھی' متاخرین کے نزدیک شامل ہے

63- کیا مہابھارت ویدوں میں شامل ہے؟
A. ہاں شامل ہے
B. شامل نہیں ہے
C. قدیم ہندوؤں کے نزدیک شامل ہے' متاخرین نے شامل نہیں سمجھا
D. قدیم ہندوؤں کے نزدیک شامل نہیں تھی' متاخرین کے نزدیک شامل ہے

64- ہندوؤں کی تثلیث یا تری مورتی کتنے دیوتاؤں کے تصور پر مشتمل ہے؟
A. تین
B. چار
C. پانچ
D. چھ

65- ہندو کس دیوتا کو خالق تسلیم کرتے ہیں؟
A. برہما
B. وشنو
C. شیو
D. کالی دیوی

66- ہندوؤں کے نزدیک کائنات کی بقاء' خوشحالی اور پرورش کی ذمہ داری کس دیوتا پر ہے؟
A. برہما
B. وشنو
C. شیو
D. کالی دیوی

67- ہندوؤں کے نزدیک قہر و جلال کا دیوتا کونسا ہے؟
A. برہما
B. وشنو
C. شیو
D. کالی دیوی

68- ہندوؤں کے نزدیک مکتی یا نجات کے کتنے طریقے ہیں؟
A. کوئی طریقہ نہیں ہے
B. ایک
C. دو
D. تین

69- ہندوؤں کے نجات کے طریقے راہ عمل کے لیے ہندو کونسا لفظ استعمال کرتے ہیں؟
A. یگینہ مارگ
B. کرم مارگ
C. جنان مارگ
D. بھگتی مارگ

-70 ہندوؤں کے نجات کے طریقے راہ علم کے لیے ہندو کونسا لفظ استعمال کرتے ہیں؟
A. یکیہ مارگ B. کرم مارگ
C. جنان مارگ D. بھگتی مارگ

-71 ہندوؤں کے نجات کے طریقے راہ ریاضت کے لیے ہندو کونسا لفظ استعمال کرتے ہیں؟
A. یکیہ مارگ B. کرم مارگ
C. جنان مارگ D. بھگتی مارگ

-72 ہندوؤں کے نزدیک طبقاتی تقسیم کے لیے "ورن" کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ بتایئے یہ کتنے ورن ہیں؟
A. چار B. پانچ
C. چھ D. سات

-73 "ورن" کا لفظی معنی کیا ہے؟
A. ذات B. قبیلہ
C. برادری D. رنگ

-74 ہندو عقیدہ کے مطابق سب سے اعلیٰ ورن کونسا ہے؟
A. برہمن B. کھشتری
C. ویش D. شودر

-75 ہندو عقیدہ کے مطابق سب سے گھٹیا ورن کونسا ہے؟
A. برہمن B. کھشتری
C. ویش D. شودر

-76 ہندو عقیدہ کے مطابق دیوتا کے بازوؤں سے کس ورن کے لوگ پیدا ہوئے؟
A. برہمن B. کھشتری
C. ویش D. شودر

-77 ہندو عقیدہ کے مطابق دیوتا کی ٹانگوں سے کس ورن کے لوگ پیدا ہوئے؟
A. برہمن B. کھشتری
C. ویش D. شودر

-78 ہندو عقیدہ کے مطابق دیوتا کے منہ سے کس ورن کے لوگ پیدا ہوئے؟
A. برہمن B. کھشتری
C. ویش D. شودر

-79 ہندو عقیدہ کے مطابق دیوتا کے پاؤں سے کس ورن کے لوگ پیدا ہوئے؟
A. برہمن B. کھشتری
C. ویش D. شودر

-80 ہندو عقیدہ کے مطابق ویش کی کیا ذمہ داری ہے؟
A. مذہبی امور کی سرانجامی B. حکومت وفوج کی ذمہ داریاں
C. تجارت وزراعت وغیرہ D. باقی تین ورنوں کی خدمت

-81 ہندو عقیدہ کے مطابق برہمن کی کیا ذمہ داری ہے؟

A. مذہبی امور کی سرانجامی
B. حکومت وفوج کی ذمہ داریاں
C. تجارت وزراعت وغیرہ
D. باقی تین ورنوں کی خدمت

-82 ہندو عقیدہ کے مطابق کھشتری کی کیا ذمہ داری ہے؟

A. مذہبی امور کی سرانجامی
B. حکومت وفوج کی ذمہ داریاں
C. تجارت وزراعت وغیرہ
D. باقی تین ورنوں کی خدمت

(الف) مت غمر سوشل بینک ✓ (ب) قاہرہ اسلامی بینک

(ج) المعریہ بینک (د) الازہر اسلامی بینک

30- 1963ء میں ملائیشیا میں حج کے خواہش مند لوگوں کے لئے ایک ادارہ قائم کیا گیا جسے.....کہتے ہیں۔

(الف) ملایہ حاجی (ب) تبونگ حاجی ✓

(ج) ملائشیں حاجی (د) مکہ حاجی

31- پاکستان کے نظام بینکاری کو اسلامی اصولوں پر چلانے کیلئے کسے ذمہ داری سونپی گئی؟

(الف) وفاقی شرعی عدالت (ب) محکمہ اوقاف

(ج) وفاقی محتسب (د) اسلامی نظریاتی کونسل ✓

32- .....میں بلاسود بنیادوں پر بینکوں کے قیام کا باقاعدہ آغاز ہوا۔

(الف) 1970ء (ب) 1975ء ✓

(ج) 1980ء (د) 1985ء

33- اسلامی بینک دوبئی.....میں بنا۔

(الف) 1980ء (ب) 1970ء

(ج) 1975ء ✓ (د) 1977ء

34- اسلامی ڈویلپمنٹ بینک کا بنیادی مقصد.....کو غیر سودی بنیادوں پر قرضوں کی فراہمی تھا۔

(الف) اسلامی ممالک ✓ (ب) غیر اسلامی ممالک

(ج) تمام ممالک (د) غریب ممالک

35- اسلامک ڈویلپمنٹ بینک کا قیام.....اسلامی ملکوں کی رکنیت سے ہوا۔

(الف) بیس (ب) بائیس ✓

(ج) پندرہ (د) پچیس

36- صرف 96-1995ء میں اسلامی ترقیاتی بینک نے 184 منصوبوں کے لئے 101618 ملین اسلامی دینار (ID) کی منظوری دی۔ یہ منصوبے .....مسلم ممالک کے لئے منظور کئے گئے۔

(الف) بیس (ب) بائیس

(ج) بتیس ✓ (د) تیس

37- بنگلہ دیش میں.....کام کر رہے ہیں۔

(الف) چار اسلامک بینک ✓ (ب) چھ اسلامک بینک

(ج) 3 اسلامی بینک (د) دو اسلامک بینک

38- اسلامک بینک بنگلہ دیش کا قیام.....میں عمل میں آیا۔

(الف) 1980ء (ب) 1981ء

(ج) 1983ء ✓ (د) 1982ء

39- اسلامی نظام معیشت کے دو اہم ادارے نظام زکوۃ و عشر اور..... ہیں۔

(الف) سودی نظام بینکاری (ب) بلاسود نظام بینکاری ✓

(ج) مروجہ نظام بینکاری (د) ان میں سے کوئی نہیں

40- حکومت پاکستان نے.....میں پہلے تین مالیاتی اداروں میں بلاسود نظام بینکاری شروع کیا۔

(الف) جولائی 1980ء (ب) جولائی 1979ء ✓

(ج) ستمبر 1980ء (د) نومبر 1979ء

41- پاکستان سرمایہ کاری کارپوریشن (ICP)' قومی سرمایہ کاری ٹرسٹ (NIT)' اور تعمیر مکانات کی مالی کارپوریشن (HBFC) ..... سے پاک کاروبار کرتے رہے ہیں۔

(الف) سود ✓ (ب) منافع

(ج) جھوٹ (د) زکوۃ

42- حکومت پاکستان نے ایک مذہبی بورڈ بھی قائم کیا ہے جس کی پیشگی اجازت کے بغیر مضاربہ کمپنی کوئی.....نہیں کر سکتی۔
(الف) کاروبار ✓ (ب) عوامی خدمت
(ج) لین دین (د) تبادلہ

43- تجارتی بینکوں میں سودی کے ساتھ ساتھ.....کھاتے کھولے گئے ہیں۔
(الف) قلیل مدتی (ب) بلاسودی ✓
(ج) تجارتی (د) مالیاتی

44- اسلامی نظریاتی کونسل کو کب نظامِ بینکاری کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کی ذمہ داری سونپی گئی؟
(الف) اکتوبر 1977 ✓ (ب) اکتوبر 1978ء
(ج) اکتوبر 1979ء (د) اکتوبر 1980ء

45- بلاسود پروگرام کے مطابق یہ طے پایا تھا کہ جنوری 1985ء سے بینک حکومت، سرکاری کارپوریشنز، سرکاری نجی کمپنیوں کو جو سرمایہ فراہم کریں گے وہ .....کے عین مطابق ہوگا۔
(الف) غیر اسلامی اصولوں (ب) اسلامی اصولوں ✓
(ج) سودی اصولوں (د) تجارتی اصولوں

46- یہ طے پایا تھا کہ یکم جولائی 1985ء سے سٹیٹ بینک کا تجارتی بینکوں اور حکومت کے ساتھ لین دین بھی.....ہوگا۔
(الف) سودی (ب) بلاسودی ✓
(ج) کاروباری (د) مالیاتی

47- سٹیٹ بینک آف پاکستان نے بلاسودی بینکاری کے بارہ طریقے تجویز کئے ہیں۔ ملک میں بینکاری کا کاروبار کرنے والے تمام ادارے اس بات کے پابند ہیں کہ ان ہی بارہ طریقوں کے مطابق اپنے.....انجام دیں۔
(الف) فرائض ✓ (ب) طریقے
(ج) امور (د) معاملات

48- بلاسود قرضوں پر بینک صرف حق الخدمت یعنی اپنے.....ہی وصول کر سکتا ہے۔
(الف) انتظامی اخراجات ✓ (ب) غیر انتظامی اخراجات
(ج) معاشی اخراجات (د) سرکاری اخراجات

49- قرض حسنہ بینک.....بھی وصول نہیں کرے گا۔
(الف) حق الخدمت ✓ (ب) سود
(ج) منافع (د) قیمت

50- ''دارالمال الاسلامی'' اور ''البرکہ'' گروپ دو بڑے.....ادارے ہیں۔
(الف) نیشنل (ب) ملٹی نیشنل ✓
(ج) ثقافتی (د) تجارتی

51- NIT, HBFC, ICP وغیرہ کے لین دین سے سود کا خاتمہ کب کیا گیا؟
(الف) مئی 1979ء (ب) جون 1979ء
(ج) جولائی 1979ء ✓ (د) اگست 1979ء

52- HBFC کو کب کرایہ میں حصہ داری کی بنیاد پر مالیات فراہم کرنے کی اجازت دی گئی؟

(الف) مئی 1981ء (ب) جون 1981ء
(ج) جولائی 1981ء (د) اگست 1981ء ✓

53- بلاسود بنیادوں پر کام کرنے والے ادارے دنیا کے بڑے بڑے..... سے معاملات کر رہے ہیں۔
(الف) مالیاتی اداروں ✓ (ب) تجارتی اداروں
(ج) غیر سودی اداروں (د) سرکاری اداروں

54- پاکستان میں ہائر پرچیز کا مالیاتی نظام متعارف ہوا:
(الف) 1981ء میں (ب) 1982ء میں
(ج) 1983ء میں ✓ (د) 1984ء میں

55- اسلامی بینکاری یا غیر سودی بینکاری اب ایک خواب و خیال نہیں رہی بلکہ..... شکل اختیار کرتی جا رہی ہے۔
(الف) عملی ✓ (ب) سودی
(ج) تجارتی (د) ثقافتی

56- 1970ء تک مت غمر سوشل بینک مصر کا اسلامی بینک' مصر کے اہم ترین اداروں میں شمار ہونے لگا لیکن سیاسی وجوہ کی بنا پر..... نے اس بینک کو ختم کروا دیا۔
(الف) صدر ناصر ✓ (ب) صدر سادات
(ج) صدر مقدس (د) صدر مبارک

57- کس سن میں پاکستانی بینکوں کو اپنے پرانے طریقوں کے علاوہ اسلامی مالیاتی طریقوں کے مطابق مالیات فراہم کرنے کو کہا گیا؟
(الف) 1981ء (ب) 1982ء
(ج) 1983ء (د) 1984ء ✓

58- غیر سودی بینکاری کے تحت نقد رقوم کی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے بینک اپنے قرض کھاتہ اور..... کا دس فی صد زر نقد محفوظ کی صورت میں رکھیں گے۔
(الف) مضاربت کھاتہ ✓ (ب) سود
(ج) مالیاتی کھاتہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

59- حکومت اور حکومتی ایجنسیوں کو تجارتی بینکوں سے صرف اسلامی طریقوں کے مطابق فنانس حاصل کرنے کا کب پابند بنایا گیا؟
(الف) 1983ء (ب) 1984ء
(ج) 1985ء ✓ (د) 1986ء

60- غیر سودی نظام بینکاری میں تخلیق زر کا عمل ٹھیک اسی طرح اور انہی اسباب و عوامل کی بنا پر عمل میں آئے گا جس طرح اور جن عوامل کی بنیاد پر موجودہ سودی نظام بینکاری عمل میں آتا ہے۔ البتہ..... کے اعتبار سے دونوں کے عمل میں فرق ہوگا۔
(الف) تحقیق (ب) تکنیک
(ج) سرمایہ (د) معیار

61- غیر سودی قرض دینے کی وجہ سے بینک اس بات کے حق دار بن جائیں گے کہ وہ مرکزی بینک سے بوقت ضرورت قرض لے سکیں جو کہ..... ہوگا۔
(الف) بالمعاوضہ (ب) بلا معاوضہ ✓
(ج) سودی (د) بلاسود

62- غیر سودی بینکاری کی کامیابی کے لئے..... کے بلند معیار کی ضرورت ہوگی۔

(الف) امانت و دیانت ✓ (ب) مال و دولت
(ج) لین دین (د) تجارتی احکام

63- بینک سرمایہ کاری کے لئے تاجر پیشہ افراد کو سودی قرضے دیتے ہیں جب کہ کاروبار میں نفع و نقصان کی ذمہ داری ------ پر ہوتی ہے۔
(الف) معاشرتی افراد (ب) کاروباری افراد ✓
(ج) سیاسی افراد (د) مذہبی افراد

64- اسلام بنیادی طور پر عدل و احسان اور تعاون کو باہمی معاملات میں کلیدی اہمیت دیتا ہے اور دوسرے کی مجبوری سے فائدہ اُٹھانے کو ------ قرار دیتا ہے۔
(الف) ممنوع ✓ (ب) مستحب
(ج) قابل تحسین (د) ناجائز

65- جدید نظام بینکاری سود (الربا) پر مبنی ہے اور اسلام نے ..... کو حرام قرار دیا ہے۔
(الف) سود ✓ (ب) منافع
(ج) نقصان (د) تجارت

66- صارفین کے قرضوں پر ..... کی وصولی سراسر ناانصافی ہے۔
(الف) سود ✓ (ب) منافع
(ج) کفالت (د) ہنڈی

67- اسلام کے نزدیک بینک صرف مالیاتی ثالث ہی نہیں بلکہ ایک ..... بھی ہے۔
(الف) سرمایہ کار ✓ (ب) ثالث
(ج) تجارت (د) جرگہ

68- موجودہ بینکوں کی طرح اسلامی بینک بھی فیس، کمیشن یا متعین معاوضوں کے بدلے میں مختلف خدمات انجام دیں گے جو کہ ان بینکوں کے لئے ------ کا ذریعہ بنیں گے۔
(الف) آمدنی ✓ (ب) سود
(ج) تجارت (د) معاوضہ

69- شاہ فیصل مرحوم کی خصوصی توجہ کی بدولت 1975ء میں جدہ میں دوسرا غیر سودی بینک ..... کے نام سے کھولا گیا۔
(الف) اسلامی ترقیاتی بینک ✓ (ب) سوشل سکیورٹی بینک
(ج) فیصل اسلامی بینک (د) سعودی اسلامی بینک

70- 1975ء میں دوبئی میں وہاں کے مشہور تاجر احمد سعید لوتاہ نے اپنے کاروباری شرکا کے ساتھ مل کر ..... کے قیام کا اعلان کیا۔
(الف) اسلامی بینک آف دوبئی ✓ (ب) فیصل اسلامی بینک
(ج) اسلامی ترقیاتی بینک (د) داؤد اسلامی بینک

71- اسلامی بینک آف دوبئی کا ابتدائی سرمایہ ..... تھا۔
(الف) 50 ملین ✓ (ب) 40 ملین
(ج) 30 ملین (د) 60 ملین

72- مصر کا فیصل اسلامی بینک ..... کے سرمائے سے قائم ہوا۔
(الف) 6 ملین (ب) 8 ملین ✓

(ج) 10 ملین (د) 12 ملین

73- سوڈان کے فیصل اسلامی بینک کا ابتدائی سرمایہ..... پاؤنڈ تھا۔
(الف) دس ملین سوڈانی ✓ (ب) پندرہ ملین سوڈانی
(ج) پانچ ملین سوڈانی (د) بیس ملین سوڈانی

74- فیصل اسلامی بینک سوڈان کی 1981ء کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال اور سالِ رواں کے اندر بینک کے کاروبار کا دائرہ..... کے حساب سے پھیلا۔
(الف) ایک ہزار فی صد (ب) دو ہزار فی صد
(ج) ایک ہزار دو سو فیصد (د) پانچ سو فی صد

75- سرکاری بینکوں کے بعد..... سوڈان کا سب سے بڑا بینک بن گیا ہے۔
(الف) فیصل اسلامی بینک ✓ (ب) اسلامی بینک
(ج) سوشل سکیورٹی بینک (د) خرطوم بینک

76- ..... سے بینک کے تمام کھاتہ جات سوائے چلت کھاتے کے، نفع ونقصان کی بنیاد پر ہی کھولے جائیں گے۔
(الف) اپریل 1985ء (ب) مئی 1985ء
(ج) جون 1985ء (د) جولائی 1985ء ✓

77- سٹیٹ بینک نے سرمایہ کاری کے مختلف غیر سودی طریقے بیان کیے ہیں۔ انہیں کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟
(الف) 2 (ب) 3 ✓
(ج) 4 (د) 5

78- کویت کی اسلامی تحریک کی تگ ودو کے نتیجے میں کویتی تاجروں کی معتدبہ تعداد نے مل کر کویت میں..... کی طرح ڈال دی۔
(الف) سودی بینک (ب) فنانس بینک
(ج) اسلامی بینک ✓ (د) بینک الکویت

79- بین التمویل الکویتی..... میں واقع ہے۔
(الف) کویت ✓ (ب) سعودی عرب
(ج) دوبئی (د) امارات

80- بیت التمویل الکویتی کا راس المال ابتدا میں..... تھا۔
(الف) پانچ ملین کویتی دینار (ب) دس ملین کویتی دینار ✓
(ج) پندرہ ملین کویتی دینار (د) بیس ملین کویتی دینار

81- یہ بینک دوسرے اسلامی بینکوں کی طرح ہر نوعیت کے حسابات رکھتا ہے۔ جاری کھاتہ، بچت کھاتہ اور معیادی کھاتہ تینوں کھاتوں میں اس نے..... شروع کر رکھی ہے۔
(الف) بینکاری ✓ (ب) سرمایہ کاری
(ج) بچت کاری (د) مہم

82- اس بینک کے چیئرمین کا نام..... ہے جو خود بھی اسلام علوم سے واقفیت رکھتے ہیں اور کویت کی اسلامی تنظیم جمعیت الاصلاح کے سیکرٹری جنرل ہیں۔
(الف) احمد یاسین ✓ (ب) حسن فیصل

(ج) امیر محمد الفیصل (د) شیخ زید بن محمد

83- اسلامی بینک آف عمان کا قیام.....میں عمل میں آیا۔

(الف) 1980ء (ب) 1978ء ✓

(ج) 1985ء (د) 1982ء

84- وہ مسلمان جو سود سے اپنا دامن پاک رکھنا چاہتا ہے سودی بینکوں کی بجائے.....سرمایہ جمع کروا رہا ہے۔

(الف) غیر اسلامی بینک میں (ب) اسلامی بینک میں ✓

(ج) فنانس بینک میں (د) چلت بینک میں

85- نوجوان طبقہ جو تیزی کے ساتھ اسلامی تحریک سے متاثر ہو رہا ہے ہر قیمت پر.....کو کامیاب کرنے کا عزم کئے ہوئے ہے۔

(الف) سودی بینکاری (ب) اسلامی بینکاری ✓

(ج) تجارتی بینکاری (د) مساوی بینکاری

86- اسلامی بینک آف بحرین کا قیام.....میں ہوا۔

(الف) 1960ء (ب) 1970ء

(ج) 1979ء (د) 1977ء

87- اسلامی بینک آف بحرین کی تاسیس میں مقامی سرمائے کے علاوہ.....کا تعاون بھی خوش گوار صورت میں ہوا۔

(الف) انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک بنکنگ اینڈ اکنامکس (ب) اسلامی ترقیاتی بینک ✓

(ج) اتحاد البنوک الاسلامیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

88- غیر سودی قرضے پر سروس چارجز کی زیادہ سے زیادہ حد کا تعین کون کرتا ہے؟

(الف) سٹیٹ بنک ✓ (ب) متعلقہ بینک

(ج) اسلامی نظریاتی کونسل (د) محکمہ وزارت خزانہ

89- اتحاد البنوک الاسلامیہ (اسلامی بینکوں کے وفاق) کے نام سے ایک ادارہ چار سال بیشتر.....قائم کیا گیا تھا۔

(الف) مدینہ میں (ب) مکہ معظمہ میں ✓

(ج) قاہرہ میں (د) ریاض میں

90- اسلامی بینکوں کے وفاق کا ایک باضابطہ نظام وضع کر لیا گیا ہے۔ایسی نظام کے تحت.....نے اس کی رکنیت اختیار کی ہے۔

(الف) اسلامی بینکوں ✓ (ب) غیر شرعی بینکوں

(ج) انٹرنیشنل بینکوں (د) تمام بینکوں

91- اسلامی بینکوں کی تحریک 25 تا 24 مارچ.....کو قبرص کے مشرقی ساحل پر واقع شہر فاماگوستا میں ایک کانفرنس منعقد کی جس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ قبرص میں ایک ادارہ قائم کیا جائے۔

(الف) 1980ء (ب) 1981ء ✓

(ج) 1982ء (د) 1983ء

92- ابتدا میں اسلامی بینکوں کے بارے میں یہ نظریہ تھا کہ یہ بینک لوگوں کو.....قرض پر نہیں دیتے۔

(الف) نقد سرمایہ ✓ (ب) سود

(ج) اشیائے صرف (د) ان میں سے کوئی نہیں

93- اسلامی تحریکوں کی جدوجہد اور مصلحین اُمت کے مسلسل جہاد کی بدولت اب یہ رغبت مسلمانوں کے اندر پیدا ہو چکی ہے کہ اُن کے سرمائے کو تحفظ دے کر وہ یقیناً.....بینکوں ہی کی طرف رخ کریں گے۔
(الف) غیر سودی ✓ (ب) سودی
(ج) مالیاتی (د) کاروباری

94- کس قرضے میں صرف اصل رقم ہی مقروض سے ایک مقررہ مدت کے بعد وصول کی جاتی ہے اگر وہ اس کی ادائیگی کی استطاعت رکھتا ہو؟
(الف) قرض مالیہ (ب) قرض حسنہ ✓
(ج) قرض سودی (د) قرض سرمایہ

95- مارک اپ کی بنیاد پر گاہک کو مطلوبہ شے فراہم کرنے کیلئے بینک طے شدہ قیمت میں شے کی لاگت اور اپنا.....شامل کرتا ہے۔
(الف) معاوضہ (ب) حق
(ج) منافع ✓ (د) مفاد

96- اسلامی دارالمال کا عارضی مرکز کہاں بنایا گیا؟
(الف) ریاض (ب) دوبئی
(ج) قاہرہ (د) جنیوا ✓

97- مصر کا موجودہ دیوانی قانون زیادہ تر فرانسیسی قانون سے ماخوذ اور.....سے نافذ ہے۔
(الف) 1940ء (ب) 1938ء ✓
(ج) 1936ء (د) 1942ء

98- غیر سودی بینکاری کا پہلا تجربہ.....کی شکل میں ہوا۔
(الف) سوشل سکیورٹی بینک آف مصر ✓ (ب) سوشل سکیورٹی بینک آف سعودیہ
(ج) سوشل سکیورٹی بینک آف عراق (د) سوشل سکیورٹی بینک آف کویت

☆☆☆☆☆☆

اسلام کا معاشی نظام

1- اسلامی معاشیات کی اصطلاح میں رزق صرف دو یا تین وقت کے کھانے کا نام ہی نہیں بلکہ رزق اپنی جامعیت میں تمام ضروریات زندگی کی کفالت اور.....کا احاطہ کرتا ہے۔
(الف) انسان کے تمام نظام پرورش ✓ (ب) انسان کے لباس
(ج) انسان کے گھر (د) انسان کے سرمائے

2- معاشیات ایسا علم ہے جو انسان کو یہ سکھاتا ہے کہ وہ محدود ذرائع کے ذریعے اپنی.....کی تکمیل کر سکے۔
(الف) محدود حاجات (ب) لامحدود حاجات ✓
(ج) سوچی سمجھی حاجات (د) معاشی حاجات

3- اسلام کے نظریہ ربوبیت کی رو سے معاشی وسائل.....نہیں ہیں۔
(الف) لامحدود (ب) محدود ✓
(ج) اَن گنت (د) مناسب

4- .....میں ایڈم سمتھ نے اپنی کتاب "اقوام کی دولت" (Wealth of Nations) لکھی جس میں انہوں نے پیدائش دولت، صرف دولت،

تبادلہ دولت اور تقسیم دولت پر بحث کی۔

(الف) 1770ء (ب) 1776ء ✓
(ج) 1772ء (د) 1774ء

5- ماہرین معاشیات کے جس گروہ نے معاشیات کو مادی فلاح و بہبود کا علم قرار دیا۔ اُس گروہ کے سرخیل کون تھے؟
(الف) پروفیسر الفرڈ مارشل ✓ (ب) ایڈم سمتھ
(ج) روبنز (د) مارکس

6- .....نے معاشیات کو روکھا پھیکا' پیچیدہ اور بے کار مضمون قرار دیا ہے۔
(الف) لینن (ب) مارکس
(ج) مارشل (د) روبنز ✓

7- معاشیات کے بارے میں مارکس اور لینن کی فکر کے 3 بڑے اجزا ہیں:
(الف) فلسفہ' معاشیات اور عمل اشتراکیت ✓ (ب) فلسفہ' معاشیات اور قانونیت
(ج) فلسفہ' سماجیت اور قانونیت (د) نظریہ' فلسفہ اور قانون

8- انسانی فکر' انسانی سوچ' انسانی نظریہ' انسانی جدوجہد سب کا نقطہ آغاز..... ہے۔
(الف) انسانیت (ب) معاشیات ✓
(ج) اخلاقیات (د) سماجی افکار

9- اسلامی نظریاتی کونسل نے اسلامی نظام بینکاری کیلئے اپنی رپورٹ کب شائع کی؟
(الف) 1974ء (ب) 1979ء
(ج) 1980ء ✓ (د) 1981ء

10- قرض حسنہ کس قسم کی تعلیم کے حصول کیلئے دستیاب ہوتا ہے؟
(الف) کامرس (ب) انجینئرنگ
(ج) زرعی (د) مندرجہ بالا تمام ✓

11- اسلامی معیشت دانوں کے نزدیک' اسلامی معاشیات اسلام کے اس اقتصادی نظریہ کا نام ہے جس میں معاشی زندگی کی تنظیم کا..... بیان کیا گیا ہے۔
(الف) اسلامی طریقہ ✓ (ب) اقتصادی طریقہ
(ج) نظریاتی طریقہ (د) اشتراکی طریقہ

12- غیر متغیر قواعد سے مراد اسلامی معاشیات کے وہ اُصول و قواعد ہیں جو قرآن مجید اور..... سے ثابت ہیں۔
(الف) الہامی کتب (ب) سنت نبویہ ﷺ ✓
(ج) انجیل (د) احادیث

13- متغیر قواعد سے مراد اسلامی معاشیات کے ایسے اصول و قواعد ہیں جو زمان و مکان کے حالات کے ساتھ ساتھ..... ہیں۔
(الف) آتے جاتے (ب) بدلتے رہتے ✓
(ج) موافق رہتے (د) ختم ہو جاتے

14- اللہ کریم کا انسان کو عطا کردہ ملکہ (Capacity) جس کے ذریعے ان مسائل و نظریات کا استحضار (Recapitulation) ہوتا ہے، ان معانی کی رُو سے معاشیات..... ہے۔

(الف) عقل (ب) علم ✓
(ج) شہرت (د) ترقی

15- جدید معاشیات میں "وسائل" سے مراد معاشی وسائل (Economic Sources) ہیں جب کہ اسلامی معاشیات میں "وسائل" سے مراد وہ علوم وفنون ہیں جن کے ذریعے استفادہ کیا جاتا ہے:
(الف) ذرائع معاش سے ✓ (ب) اسلامی وسائل سے
(ج) نقل وحمل سے (د) عبادات سے

16- اسلامی معاشیات کی تعریف میں لفظ "استعمال" دراصل ..... کا متبادل لایا گیا ہے۔
(الف) استخدام ✓ (ب) استبدال
(ج) انحراف (د) انفعال

17- استعمال یا استخدام کا لفظ بنیادی نکتہ ذہن نشین کرتا ہے کہ انسان کو جو اس کے اللہ کریم نے کرامت نفس اور شرافت ذات عطا کی ہے اس کی رُو سے وہ مال کا ——— ہے۔
(الف) غلام (ب) مالک ✓
(ج) حریص (د) صارف

18- اللہ کریم مال ودولت کا خالق اور مالک حقیقی ہے۔ اس نے انسان کو مال ودولت دے کر اسے اس کا ..... بنا دیا۔
(الف) ذمہ دار (ب) امین اور نگران ✓
(ج) خائن وغاصب (د) پابند

19- اللہ کریم نے انسان کو اپنی دولت اور ذرائع دولت، معاش اور ذرائع معاش کے استعمال کے لئے رہنما اصول اور تعلیمات ..... سکھا اور سمجھا دیئے ہیں۔
(الف) بذریعہ وحی (قرآن وسنت) ✓ (ب) بذریعہ والدین
(ج) بذریعہ القا (د) الہام

20- قرآن مجید میں اللہ کریم نے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو ایمان لائے اور نیک کام کئے کہ انہیں بعد میں ضرور ..... بنا دے گا۔
(الف) خلیفہ (حاکم) ✓ (ب) اُستاد
(ج) نگران (د) امانت دار

21- اسلامی معاشیات کا یہ نمایاں وصف ہے کہ اس میں فرد اور معاشرہ دونوں کی اپنے اپنے مقام پر ..... واضح کی گئی ہے۔
(الف) اہمیت ✓ (ب) صداقت
(ج) جواب دہی (د) شہرت

24- اجتماعی ضروریات کو آزادی فرد کا بے سہارا اونٹ اپنے پاؤں تلے روند ڈالے، یہ رویہ ..... نے دکھایا۔
(الف) اشتراکیت (ب) سرمایہ دارانہ نظام ✓
(ج) مملوکیت (د) حاکمیت

23- جب فرد کی ضروریات کو اجتماعیت کے نام پر قربان کیا جائے تو یہ رویہ ..... نے دکھایا۔
(الف) سرمایہ دارانہ نظام (ب) مملوکیت
(ج) اشتراکیت ✓ (د) حاکمیت

24- اسلامی نظام اقتصادیات اللہ کریم کی نازل کردہ ازلی وابدی تعلیمات پر مبنی ہے جو قیامت تک انسان کی ..... کے لئے ہیں۔

(الف) رضامندی (ب) بھلائی اور فلاح ✓
(ج) زندگی (د) استقامت

-25 اسلام کے معاشی نظام میں معاشرہ (اجتماع) کی تمام معاشی..... پر نگاہ رکھی گئی ہے۔
(الف) ضروریات وحاجات ✓ (ب) اخلاقیات
(ج) احتیاجات (د) مشکلات

-26 شریعت اسلامیہ کی معتدل اور حکیمانہ تعلیمات کی روشنی میں ایسی فضا قائم کی جائے کہ انسانی معاشرے کے تمام طبقے اپنی اپنی جگہ پر اپنی ـــــ کی تکمیل کر سکیں۔
(الف) نجی حاجات (ب) معاشی حاجات ✓
(ج) اخلاقی حاجات (د) فلاحی حاجات

-27 اسلامی شریعت نے ہمیں اسلام کا اقتصادی نظام بھی دیا ہے اور اس پر چلنے یا اسے اپنانے کی ـــــ بھی بتائی ہے۔
(الف) راہ ✓ (ب) توفیق
(ج) کوشش (د) جستجو

-28 اسلامی معاشیات کے مصادر و مراجع وہی ہیں جو..... کے ہیں۔
(الف) اسلامی قانون (ب) اسلامی فقہ ✓
(ج) اسلامی عمرانیات (د) اسلامی اخلاقیات

-29 اسلامی فقہ کا بیشتر حصہ..... سے ہے۔
(الف) عمرانیات (ب) اخلاقیات
(ج) معاشیات ✓ (د) اسلامی تہذیب

-30 اسلامی معاشیات کے مصادر وہی ہیں جو..... کے ہیں۔
(الف) اسلامی فقہ ✓ (ب) اسلامی تہذیب
(ج) اخلاقیات (د) کمالیات

-31 اسلامی معاشیات کے تین مصادر ہیں:
(الف) قرآن، حدیث، اجتہاد ✓ (ب) قرآن، تورات، زبور
(ج) قرآن، نماز، روزہ (د) قرآن، قصص، احکام

-32 اسلام کے اقتصادی نظام کے تمام بنیادی اُصول ہمیں ..... سے ملیں گے۔
(الف) قرآن پاک ✓ (ب) معاشیات
(ج) عمرانیات (د) سماجیات

-33 قرآن مجید کے بعد اسلامی معاشیات کا دوسرا بنیادی مصدر و منبع..... ہے۔
(الف) حدیث نبویؐ ✓ (ب) اجتہاد
(ج) قیاس (د) حجت

-34 ایک عام فرد کی معاشیات سے لے کر بین الاقوامی معاشیات کی تعلیمات کا اجمالی اور بعض صورتوں میں مفصل بیان..... میں ملے گا۔
(الف) فقہ (ب) حدیث رسولؐ ✓
(ج) اجتہاد (د) قیاس

35- اسلامی معاشیات کا ایک اہم مصدر..... ہے۔
(الف) اجتہاد ✓ (ب) اخلاق
(ج) لین دین (د) باہمی تجارت

36- ہر مسلم ملک اپنی ایک "اسلامی معاشیاتی مجلس" بنائے جو..... کے تمام نظریات کو منضبط کرے۔
(الف) اسلامی معاشیات ✓ (ب) اسلامی اخلاقیات
(ج) اسلامی قوانین (د) اسلامی فقہ

37- یہ امر ملحوظ خاطر رہے کہ "ملکی اسلامی معاشیاتی مجلس" اور "بین الاقوامی معاشیاتی مجلسِ اعلیٰ" کے سربراہان ہر صورت..... میں سے ہوں۔
(الف) فقہا ✓ (ب) اساتذہ
(ج) مدرسین (د) تلامذہ

38- حمید بن زنجویہؒ کی "کتاب الاموال" اور ابو عبید قاسم بن سلام کی "کتاب الاموال" دونوں کتابیں اسلام کے..... پر نہایت اہم ہیں۔
(الف) مالیاتی نظام اور بین الاقوامی تجارت ✓ (ب) اخلاقی نظام اور فقہ
(ج) مالی اور قانون نظام (د) نظریاتی اور تعلیمی نظام

39- تجارتی معاملات پر الجاحظؒ کی نہایت مفید کتاب..... ہے۔
(الف) المسالک والممالک (ب) التبصرۃ فی التجارۃ ✓
(ج) اغاثۃ الامۃ بکشف الغمۃ (د) کتاب الاشارہ الی محاسن التجارۃ و معرفۃ

40- تقسیم دولت..... کے ان اہم ترین موضوعات میں سے ایک ہے جس پر محققین، علمائے کرام اور ماہرین نے انفرادی طور پر تحقیقات کی ہیں۔
(الف) معاشیات ✓ (ب) کیمونزم
(ج) اسلامیات (د) بینکنگ

41- زمین تمام قدرتی..... کا نام ہے۔
(الف) خزانوں (ب) وسائل ✓
(ج) جنگلات (د) چشموں

42- تمام قسم کی دولت اور ذرائع دولت کا اصل مالک ہے:
(الف) انسان (ب) نبی کریمؐ
(ج) اللہ عزوجل ✓ (د) جاگیردار

43- روایتی معاشیات یا سرمایہ دارانہ معاشیات کے ماہرین نے عاملین پیدائش..... بتائے ہیں۔
(الف) چار۔انسان، زمین، سرمایہ، تنظیم (ب) تین۔حیوان، زمین، انسان، تنظیم
(ج) چار۔(محنت، زمین، سرمایہ، تنظیم) ✓ (د) پانچ۔محنت، زمین، انسان، حیوان، تنظیم

44- اسلامی معاشیات نے اصل عاملین دو بتائے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:
(الف) محنت (انسان) اور زمین (قدرتی وسائل) ✓ (ب) دولت اور زمین
(ج) زمین اور جائیداد (د) انسان اور دولت

45- اسلامی معاشیات میں زمین سے مراد صرف قشر الارض (زمین کی سطح) یا زمین ہی مراد نہیں بلکہ وہ تمام قدرتی وسائل وعطیات مراد ہیں جو اللہ کریم نے

اپنے بندوں کو.....۔

(الف) عطا کئے ہیں ✓ (ب) انعام دیئے ہیں

(ج) ہبہ کئے ہیں (د) بتائے ہیں

46- امام ابوحنیفہؒ نے مزارعت کا معاملہ..... پر طے کرنے کو باطل قرار دیا ہے۔

(الف) نصف۔ مکمل (ب) تہائی۔ چوتھائی ✓

(ج) خمس۔ سدس (د) سبع۔ ثمن

47- انسان اپنی محنت سے جو وسائل حاصل کرے ان پر اسے..... حقوق حاصل ہوں گے۔

(الف) مالکانہ ✓ (ب) آجرانہ

(ج) غاصبانہ (د) عاجزانہ

48- مختلف انسان اپنی ذہنیت اور قابلیت میں فرق کی وجہ سے..... سے مختلف ہو سکتے ہیں۔

(الف) معاشی لحاظ ✓ (ب) سیاسی لحاظ

(ج) انسانی لحاظ (د) معاشرتی لحاظ

49- فطرت کے تقاضے مسخ ہو رہے ہوں اور ظلم و بے انصافی کا معاملہ درپیش ہونے پر اسلام کیسی مداخلت کو لازمی قرار دیتا ہے؟

(الف) ریاستی ✓ (ب) سیاسی

(ج) سماجی (د) معاشرتی

50- خرچ کرنے کے علاوہ وہ تمام طریقے جو اخلاقیات اور معاشرے پر منفی اثرات مرتب کرتے ہوں،..... ہیں۔

(الف) ناجائز ✓ (ب) غیر مناسب

(ج) مکروہ (د) مباح

51- گانا بجانا، ناچ رنگ اور عیش و عشرت کے دوسرے ذرائع پر پیسہ ضائع کرنا بہت بڑی..... ہے۔

(الف) اخلاقی خرابی ✓ (ب) روحانی خرابی

(ج) مالی خرابی (د) جسمانی خرابی

52- ریشمی لباس، سونے چاندی کے زیورات کا مردوں کے لئے پہننا، سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا..... ہے۔

(الف) حرام ✓ (ب) مکروہ

(ج) نامناسب (د) ناپسندیدہ

53- انسان کے لئے بلند ترین اخلاق کا معیار یہ ہے کہ انسان جو کچھ کمائے، اسے اپنی جائز اور معقول ضروریات پر خرچ کرے اور جو بچ جائے اس میں اپنے دوسرے مسلمان.....کو شریک کرے۔

(الف) بھائیوں ✓ (ب) بہنوں

(ج) غلاموں (د) قیدیوں

54- سرمایہ کاری کے لئے ضروری ہے کہ کمائی ہوئی دولت کا ایک حصہ.....کی صورت میں رکھا جائے۔

(الف) بچتوں ✓ (ب) کھاتوں

(ج) اثاثوں (د) امانتوں

55- معاشی عقلیت پسندی سے مراد ایسا انسانی طرز عمل ہے جو معاشی کامیابی کے حصول کے لیے.....کیا جاتا ہے۔

(الف) اختیار ✓ (ب) ترک

(ج) فراموش (د) سیدھا

اسلام اور جدید سماجی افکار

56- معاشی عقلیت پسندی میں یہ تصور کیا جاتا ہے کہ صارف بخل سے کام لیتا ہے نہ غیر ضروری اخراجات پر.....خرچ کرتا ہے۔
(الف) اپنا مال ✓ (ب) اپنا آپ
(ج) اپنا وقت (د) اپنی طاقت

57- ہر معاشرے کی اپنی.....اقدار ہوتی ہیں۔
(الف) مذہبی، اخلاقی، ثقافتی ✓ (ب) مذہبی، معاشرتی، سیاسی
(ج) سیاسی، معاشرتی، معاشی (د) مذہبی، تجارتی، جماعتی

58- معاشی عقلیت پسندی اور افادیت پسندی کے معیارات.....ہو سکتے ہیں۔
(الف) ایک جیسے (ب) مختلف ✓
(ج) ملتے جلتے (د) برابر کے

59- اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔اس کا اپنا ایک.....ہے۔
(الف) فلسفہ زندگی ✓ (ب) فلسفہ انسانیت
(ج) اخلاقی فلسفہ (د) معاشرتی فلسفہ

60- ایک ماہر معاشیات کے مطابق مسلم صارف کا رویہ.....پر قائم ہے۔
(الف) اسلامی عقلیت پسندی ✓ (ب) مغربی عقلیت پسندی
(ج) انسانی عقلیت پسندی (د) اخلاقی عقلیت پسندی

61- ڈاکٹر ایم فہیم کے مطابق اسلامی معیشت میں ایک صارف کے اخراجات.....کے ہوتے ہیں۔
(الف) ایک طرح (ب) دو طرح ✓
(ج) کئی طرح (د) دس طرح

62- تقویٰ اور اللہ تعالیٰ کے سامنے جواب دہی کے احساس کے حوالے سے قرآن پاک کی متعدد آیات انسانی رویوں کو.....رخ دیتی ہیں۔
(الف) منفی (ب) مثبت
(ج) یک طرفہ (د) دو طرفہ ✓

63- قرآن پاک کے مطالعے سے یہ بات واضح ہے کہ اللہ کی راہ میں خرچ کے حوالے سے اخراجات کی.....مقرر نہیں کی گئی۔
(الف) بالائی حد ✓ (ب) انتہائی حد
(ج) زیریں حد (د) آخری حد

64- آپ ﷺ کے فرمان کے مطابق: اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کو اپنی نعمتوں سے نوازتا ہے تو ان کا اثر بھی اس پر.....پسند فرماتا ہے۔
(الف) دیکھنا ✓ (ب) آزمانا
(ج) مرتب کرنا (د) مقرر کرنا

65- مغربی معاشیات بھی عقلیت پسندی کو رویہ صارف کی بنیاد بناتی ہے لیکن اسے.....پر چھوڑ دیتی ہے۔
(الف) انسانی رویے ✓ (ب) معاشرتی رویے
(ج) سیاسی رویے (د) غیر سیاسی رویے

66- اسلام نے صاحب نصاب لوگوں پر.....کی ادائیگی کو فرض قرار دیا ہے۔

(الف) زکوٰۃ ✓ (ب) صدقہ
(ج) انفاق فی سبیل اللہ (د) مال تقسیم

67- زکوٰۃ اسلام کا رکن ہے:
(الف) پہلا (ب) دوسرا
(ج) تیسرا ✓ (د) چوتھا

68- اسلام دولت کو ذخیرہ کر کے رکھنے کی.....کرتا ہے۔
(الف) سخت مذمت ✓ (ب) کسی قدر مذمت
(ج) تاکید (د) تلقین

69- ایک مسلم صارف کے اخراجات کی مدات غیر مسلم صارف کے مقابلے میں کم ہیں کیونکہ اس میں حلال اشیا شامل ہیں' تمام------اس سے خارج ہیں۔
(الف) غیر ضروری اشیا (ب) حرام اشیا ✓
(ج) ضروری اشیا (د) مہنگی اشیا

70- مسلم صارف کے رویے میں تقویٰ کو.....حاصل ہے۔
(الف) اہم حیثیت ✓ (ب) غیر اہم حیثیت
(ج) جزوی حیثیت (د) انفرادی حیثیت

71- اسلام نہیں چاہتا کہ ایک فرد دوسروں کا.....رہے۔
(الف) دست نگر ✓ (ب) خیر خواہ
(ج) نگہبان (د) سہارا

72- اسلام اپنے ماننے والوں کو پستیوں کی طرف گرتا نہیں بلکہ مسلسل.....کی طرف گامزن دیکھنا چاہتا ہے۔
(الف) بدحالی (ب) بہتری ✓
(ج) پستی (د) زوال

73- ایک فرد اپنی آمدنی بڑھانے کے لئے اس لئے خواہش کرتا ہے کہ وہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لئے وسائل مہیا کرنا چاہتا ہے تا کہ اُخروی زندگی میں.....حاصل کر سکے۔
(الف) اللہ سے اجر ✓ (ب) لوگوں سے فوائد
(ج) مال (د) خیر

74- دولت کو کاروبار میں لگانے یا اپنی مستقبل کی ضروریات پوری کرنے کی خاطر اگر ایک فرد اپنی دولت سے بچت کرنا چاہتا ہے تو اس کے لئے لازم ہے کہ کم از کم.....فی صد رقم ضرورت مند افراد کو زکوٰۃ ادا کرے۔
(الف) دو فی صد (ب) دس فی صد
(ج) اڑھائی فی صد ✓ (د) پانچ فی صد

75- زکوٰۃ (اور صدقہ و خیرات) کی وجہ سے بچتیں.....ہوئیں۔
(الف) کم نہیں ✓ (ب) زیادہ نہیں
(ج) بالکل نہیں (د) ضائع نہیں

76- زکوٰۃ (اور صدقہ و خیرات) میں ملنے والی رقوم کا بڑا حصہ صرف ہونے سے مجموعی طلب بڑھے گی۔ اس کو پورا کرنے کے لیے مجموعی رسد میں اضافہ

ناگزیر ہوگا جس کے نتیجے میں.....کی ضرورت ہوگی۔

(الف) نئی سرمایہ کاری ✓ (ب) صنعت کاری

(ج) مہنگائی بڑھانے (د) مہنگائی کنٹرول کرنے

77- اسلامی نظام کا نفاذ اسلامی ممالک کی معیشتوں کے لئے اُمید کی ایک.....لے کر آئے گا۔

(الف) نئی کرن ✓ (ب) طاقت

(ج) اصطلاح (د) توقع

78- اللہ کی راہ میں اللہ کے بندوں پر خرچ کرنا اور اُن کے لئے معاشی خوشحالی کا اہتمام کرنا ایک ایسی.....ہے جو کسی بھی معیشت کو بہتری کی طرف گامزن کرنے کے لئے مہمیز کا کام دے سکتی ہے۔

(الف) قوت متحرکہ ✓ (ب) قوت متخیلہ

(ج) قوت ارادی (د) قوت غیر ارادی

79- اسلامی نظام زندگی کے نفاذ کے نتیجے میں معیشت میں خصوصی طور پر بچتوں اور عمومی طور پر.....پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

(الف) پوری معیشت ✓ (ب) سرمایہ کاری

(ج) انسانیت (د) اخلاقیات

80- ترقی پذیر ممالک کی ترقی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ.....کی کمی ہے۔

(الف) سرمایہ ✓ (ب) محنت

(ج) معدنی ذرائع (د) قدرتی ذرائع

81- اسلام اپنے پیروکاروں کو زیادہ سے زیادہ.....کی ترغیب دیتا ہے۔

(الف) انفاق فی سبیل اللہ ✓ (ب) خرچ

(ج) غیر مسلموں پر خرچ (د) مال جمع کرنے

82- کسی کاروبار میں لگائے گئے سرمایہ، سامان تجارت، زرعی پیداوار کے ساتھ ساتھ بے کار پڑی ہوئی دولت اور سونے چاندی وغیرہ پر.....کی ادائیگی فرض ہے۔

(الف) زکوٰۃ ✓ (ب) فطرانہ

(ج) صدقہ (د) خیرات

83- اسلام یتیموں کے مال کے سلسلے میں حکم دیتا ہے کہ ان کے مالوں کو کاروبار میں لگایا جائے۔ ایسا نہ ہو کہ زکوٰۃ کی وجہ سے.....کے مال ختم ہوتے چلے جائیں۔

(الف) یتیموں ✓ (ب) فقیروں

(ج) محتاجوں (د) غریبوں

84- سودی معیشت میں.....سرمایہ کاری کی راہ میں رکاوٹ بنتا ہے۔

(الف) سود ✓ (ب) مضاربہ

(ج) صدقہ (د) مال

85- کینز کی تھیوری کے مطابق شرح سود صفر ہونے کی صورت میں سرمایہ کاری میں.....ممکن ہو جاتا ہے۔

(الف) معمولی اضافہ (ب) بہت زیادہ اضافہ ✓

(ج) غیر معمولی اضافہ (د) کم منافع

86- شرح سود صفر ہونے اور سرمایہ کو جمع کر کے رکھنے کی ممانعت کے نتیجے میں اسلامی معیشت میں سرمایہ کاری کا معیار سودی معیشت کے مقابلے میں.....ہوگا۔

(الف) پست (ب) بلند ✓

(ج) زوال پذیر (د) ناکافی

87- اسلام نے بتایا کہ جو زیادتی یا اضافہ مال میں بیع سے ہوتا ہے وہ جائز ہے اور جو سود سے ہوتا ہے وہ.....ہے۔

(الف) جائز (ب) حلال

(ج) حرام ✓ (د) مباح

88- سرمایہ پیدائش دولت کے عمل میں خطرہ مول لیتا ہے اور معاوضے کے طور پر نفع یا نقصان اٹھاتا ہے۔ لہٰذا سرمایہ پر.....کی ادائیگی کا کوئی جواز نہیں۔

(الف) نفع (ب) سود ✓

(ج) زکوٰۃ (د) نقصان

89- زمین کا معاوضہ لگان کی صورت میں ادا کیا جاتا ہے۔ محنت کا معاوضہ اجرت کی شکل میں۔ سرمایہ کا معاوضہ.....کی صورت میں ہوتا ہے۔

(الف) نفع یا نقصان ✓ (ب) نفع

(ج) نقصان (د) نہ نفع نہ نقصان

90- معاشی اعتبار سے دیکھا جائے تو سود کے نقصانات.....ہیں۔

(الف) ہلکے پھلکے (ب) شدید تر ✓

(ج) کچھ بھی نہیں (د) نا ہونے کے برابر

91- معاشرتی اعتبار سے دیکھا جائے کہ اگر کسی معاشرے میں ذاتی غرض اور ذاتی مفاد ہی اصل چیز ہو اور لوگ ایک دوسرے سے ہمدردی کی بجائے ایک دوسرے کی مجبوری سے فائدہ اُٹھانے والے ہوں تو ایسے معاشرے میں ہمیشہ.....کی فضا پائی جائے گی۔

(الف) امن وامان (ب) بھائی چارے

(ج) انتشار ✓ (د) پیار و محبت

☆☆☆☆☆☆

قرآن اور جدید سائنسز

1- اسلام مظاہر قدرت کا مطالعہ، مشاہدہ اور ان میں تحقیق ہر مسلمان پر قرار دیتا ہے:
(الف) لازم ✓ (ب) مخص
(ج) اختیاری (د) ظاہری

2- کائنات کی ہر شے انسانی بہبود کے لئے پیدا کی گئی ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے انسان کو قرآن مجید میں ..... کی بار بار ترغیب کی ہے۔
(الف) تجربات (ب) تسخیر کائنات ✓
(ج) سیر و تفریح (د) مشاہدات

3- قرآن مجید کا مرکزی محور ——— باری تعالیٰ ہے۔
(الف) فضیلت (ب) کلمہ
(ج) اقرار (د) توحید ✓

4- قرآن مجید کی رو سے آسمان اور زمین کا ابتدا میں ایک ہی وجود تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس حالت کو ..... سے تعبیر کیا ہے۔
(الف) ماء (ب) دُخان ✓
(ج) نار (د) السماء والارض

5- کل فی فلک یسبحون کا ترجمہ:
(الف) ہر ایک قیامت کے بعد اپنی قبر سے اُٹھے گا (ب) کشتیاں سمندروں میں تیرتی ہیں
(ج) سب اپنے اپنے فلک میں تیزی سے چل رہے ہیں ✓ (د) زمین کو اللہ نے اس کے بعد پھیلا دیا

6- ان السموت والارض کانتا رتقا ففتقنھما کا ترجمہ ہے:
(الف) پھر اللہ تعالیٰ آسمان کی طرف متوجہ ہوئے اور وہ دھواں تھا (ب) جس نے ساتوں آسمانوں کو ایک دوسرے کے اُوپر پیدا کیا ہے
(ج) اللہ نے ہر چیز کے لئے ایک اندازہ مقرر کر رکھا ہے (د) بے شک آسمان اور زمین بند تھے اور ہم نے انہیں کھولا ✓

7- جدید سائنس آج بھی قرآن پاک کی ..... کرتی ہے۔
(الف) تکذیب (ب) احترام
(ج) تصدیق ✓ (د) عزت

8- عقل کا استعمال سائنس اور قرآن کا ..... پہلو ہے۔
(الف) علیحدہ (ب) مشترک ✓
(ج) عام (د) خاص

9- سائنس کی تعریف سے پتہ چلتا ہے کہ اس میں مندرجہ ذیل ..... پہلو ضروری ہے۔
(الف) تجربہ کا ✓ (ب) انصاف کا
(ج) روشنی کا (د) علم کا

10- سائنس میں ایک لازمی جز ہے:

(الف) تفکر و تدبر ✓ (ب) لیبارٹری
(ج) علمی ماحول (د) سائنسی معلومات

11- سائنس اگر بنی نوع انسان کی خدمت کے لئے استعمال کی جائے تو یہ اسلام سے کسی صورت متصادم نہیں کیونکہ اسلام کا بھی مقصد یہی تمام کی ہے:
(الف) شان (ب) فضیلت
(ج) فلاح و بہبود ✓ (د) تکمیل

12- مشہور نوبل انعام یافتہ ماہر طبیعات البرٹ آئن سٹائن کے بقول:
(الف) مذہب کے بغیر سائنس لنگڑی ہے ✓ (ب) مذہب کے بغیر معاشرتی علوم لنگڑی ہے
(ج) مذہب کے بغیر قانون لنگڑا ہے (د) قرآن سائنس کی کتاب نہیں ہے

13- سائنسدان اس بات پر متفق ہیں کہ کہکشائیں (Galaxies) وجود میں آنے سے پہلے فلکیاتی مادہ ـــــــ کی صورت میں تھا۔
(الف) مائع (ب) گیس ✓
(ج) ٹھوس (د) بخارات

14- سر فرانسس ڈریک وہ پہلا شخص تھا جس نے سولہویں صدی عیسوی میں بحری سفر کرنے کے بعد یہ ثابت کیا کہ زمین ہے:
(الف) لمبوتری (ب) گول
(ج) بیضوی ✓ (د) ڈھلوان

15- سائنس ہمیں یہ بتاتی ہے کہ چاند کی روشنی ..... ۔ یہ حقیقت آج سے چودہ سو سال پہلے قرآن میں بیان کی گئی۔
(الف) اپنی ہے (ب) سورج سے لی گئی ہے
(ج) منعکس شدہ ہے ✓ (د) دوسرے سیاروں سے لی گئی ہے

16- قرآن کریم اور جدید سائنس سورج اور چاند کی روشنی کے فرق پر ..... ہیں۔
(الف) غیر متفق (ب) مکمل طور پر متفق ✓
(ج) اختلاف کرتے (د) ابہام کا شکار

17- 1512ء میں نکولس کوپرنیکس نے یہ نظریہ پیش کیا کہ زمین کے بجائے سورج ..... کا مرکز ہے۔
(الف) نظام شمسی ✓ (ب) چاند
(ج) دیگر سیاروں (د) کائنات

18- 1609ء میں جرمن نژاد سائنس دان جوہانس کیپلر کی نامی کتاب شائع ہوئی جس میں یہ بات بتائی گئی کہ نہ صرف تمام سیارے بیضوی مدار میں سورج کے گرد گھومتے ہیں بلکہ وہ اپنے محور کے گرد بھی ..... رفتار کے ساتھ گھومتے ہیں۔
(الف) سست (ب) غیر متوازن ✓
(ج) تیز (د) متوازن

19- سورج ..... دنوں میں اپنے محور کے گرد چکر مکمل کرتا ہے۔
(الف) 65 (ب) 45
(ج) 25 ✓ (د) 49

20- ''نہ تو سورج ہی سے ہو سکتا ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات ہی دن سے پہلے آ سکتی ہے اور یہ سب اپنے اپنے دائرے میں تیر رہے ہیں۔'' مندرجہ ذیل حقیقت کس نے بیان کی؟
(الف) قرآن ✓ (ب) سائنس دانوں

(د) کیمیادانوں
(ج) ماہرین فلکیات

21- سورج خلا میں ایک اندازے کے مطابق دوسو چالیس کلومیٹر فی سیکنڈ کی رفتار سے سفر کرتا ہے اور تقریباً.....ملین سالوں میں ہماری کہکشاں کے گرد چکر مکمل کرتا ہے۔
(الف) 100 (ب) 150
(ج) 200✓ (د) 50

22- چاند اپنے محور کے گرد چکر مکمل کرنے میں اتنا وقت لیتا ہے جتنا کہ زمین کے گرد چکر لگانے میں۔ چاند تقریباً.....دن میں ایک مکمل کرتا ہے۔
(الف) 60 (ب) 19 1/2 ✓
(ج) 13 (د) پچیس

23- سورج کی روشنی اس کیمیائی عمل کی وجہ سے ہے جو کہ گذشتہ پانچ ارب سالوں سے سورج میں مسلسل ہو رہا ہے۔ یہ مستقبل میں کسی وقت اپنے خاتمے کو پہنچے گا اور جب سورج بجھ جائے گا تو زمین پر.....کو مٹا ڈالے گا۔
(الف) روشنی (ب) زندگی ✓
(ج) پانی (د) سبزہ

24- قرآن پاک میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان پیدا کیے۔
(الف) چھ(6) دنوں میں ✓ (ب) چار(4) دنوں میں
(ج) پندرہ(15) دنوں میں (د) سات(7) دنوں میں

25- 1580ء میں Bernard Palissy وہ پہلا شخص تھا جس نے موجودہ آبی چکر (Water Cycle) کا نظریہ پیش کیا۔ اس نے یہ بتایا کہ کیسے سمندر کا پانی بخارات میں تبدیل ہوتا ہے اور ٹھنڈا ہو کر.....کی شکل اختیار کرتا ہے۔
(الف) آگ (ب) اولوں
(ج) ہوا (د) بادلوں ✓

26- علم آب (Hydrology) پر موجود جدید سائنسی نظریہ اپنے موضوع پر قرآن پاک کے بیان سے مکمل.....کرتا ہے۔
(الف) اختلاف (ب) اتفاق ✓
(ج) انحراف (د) نتیجہ اخذ

27- ماہرین ارضیات کے مطابق زمین کا نصف قطر (Radius) ہے:
(الف) 4035 km (ب) 5035 km
(ج) 6035 km ✓ (د) 7035 km

28- قرآن پاک واضح الفاظ میں پہاڑوں کے مقصد کو بیان کرتا ہے کہ وہ زمین کو.....سے بچاتے ہیں۔
(الف) ڈوبنے (ب) اُڑنے
(ج) لڑکھڑانے ✓ (د) چلنے

29- مسلمان اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ قرآن اللہ کی کتاب ہے:
(الف) آخری ✓ (ب) پہلی
(ج) دوسری (د) غیر الہامی

30- قرآن مجید لکھوانے کا کام کس نے شروع کیا؟
(الف) حضرت محمد ﷺ (ب) حضرت ابوبکرؓ

(ج) حضرت عمرؓ (د) حضرت عثمانؓ

-31 قرآن میں چھ ہزار سے زائد نشانیاں (آیات) ہیں جن میں سے ایک ہزار سے زائد صرف ..... کے متعلق ہیں۔
(الف) حقوق (ب) سائنس ✓
(ج) معاشرت (د) اطاعت

-32 قرآن پاک میں دن ورات کے متعلق جو عربی لفظ استعمال کیا گیا ہے، اُس کا معنی ہے:
(الف) گھومنے کا (ب) فنا ہونے کا
(ج) چمٹ جانے کا (د) لپیٹ لینے کا ✓

-33 قرآن کریم میں پہلا سجدہ تلاوت کس پارے میں ہے؟
(الف) 7 (ب) 8
(ج) 9 ✓ (د) 10

-34 کوئی بھی شخص قرآنی آیات کی درست توجیہات پر ..... ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔
(الف) حیران ✓ (ب) پشیمان
(ج) خوش (د) مسرور

-35 پہلے یہ خیال عام تھا کہ منظم فلکیاتی نظام کے باہر صرف خلا (Vacuum) ہے۔ فلکی طبیعات کے ماہرین نے بعد ازاں اس درمیانی خلا میں دریافت کیے۔
(الف) مادے کے پُل ✓ (ب) گیس کے پُل
(ج) پانی کے پُل (د) ہوا کے پُل

-36 کسی بھی شخص کا یہ خیال ظاہر کرنا نہایت مضحکہ خیز بات ہوگی کہ آج سے چودہ سو سال قبل کسی کو بین النجوم ..... سے آگاہی حاصل رہی ہوگی۔
(الف) کہکشاں (ب) فلکیاتی مادے ✓
(ج) بخارات (د) تجربات

-37 قرآن پاک کائنات کے پھیلاؤ کے عمل کو اس وقت سے بیان کر رہا ہے جب انسان نے ایجاد نہ کیا تھا:
(الف) دوربین ✓ (ب) کلاک
(ج) بیرومیٹر (د) تھرمامیٹر

-38 ''ایٹم کی تھیوری'' کا نظریہ ..... نے پیش کیا۔
(الف) عیسائیوں (ب) یونانیوں ✓
(ج) مجوسیوں (د) پرتگالیوں

-39 پرانے وقتوں میں لوگ زمین کے اندر ..... کے منبع سے ناواقف تھے۔
(الف) پانی ✓ (ب) گیسوں
(ج) تہوں (د) زندگی

-40 قرآنی تاویلات جدید ..... مطالعوں سے مکمل میل کھاتی ہیں۔
(الف) نفسیاتی (ب) تدبیری
(ج) ارضیاتی ✓ (د) واقعاتی

-41 عربی لفظ ''مَرَج'' کا مطلب ہے:

(الف) وہ دونوں آپس میں ملے ہوئے ✓ (ب) دونوں جدا ہیں
(ج) دونوں ایک ہی رنگ کے ہیں (د) دونوں بڑے ہیں

42- قرآن پاک میں کس نبی کا ذکر سب سے زیادہ آیا ہے؟
(الف) حضرت محمد ﷺ (ب) حضرت آدمؑ
(ج) حضرت نوحؑ (د) حضرت موسیٰؑ ✓

43- ایک سفید پٹی جنوبی افریقہ میں کیپ ٹاؤن کے مقام پر دیکھی جاسکتی ہے جہاں آپس میں ملتے ہیں۔
(الف) بحرالکاہل اور بحر ہند (ب) بحر احمر اور بحرالکاہل
(ج) بحر اسود اور بحر احمر (د) بحر اوقیانوس اور بحر ہند ✓

44- جب دو سمندر ملتے ہیں وہاں ان کے درمیان ایک حد بندی قائم رہتی ہے۔ یہ حد بندی دونوں سمندروں کو اپنا انفرادی درجہ حرارت' کھاری پن اور ثقافت قائم رکھنے ..... میں فراہم کرتی ہے۔
(الف) معاونت ✓ (ب) انفرادیت
(ج) تقویت (د) اولیت

45- پروفیسر راؤ کے مطابق سائنس دان اب جدید آلات کی مدد سے اس بات کی تصدیق کرنے کے قابل ہوئے ہیں کہ سمندر کی گہرائیوں میں ..... ہے۔
(الف) روشنی (ب) تاریکی ✓
(ج) خوراک (د) ہوا

46- جدید علم نباتات ہمیں پودوں میں نر اور مادہ اصناف کی موجودگی کی خبر دیتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ پودے جو یک جنسی ہیں، اُن کے اجزا میں ..... کی انفرادیت پائی جاتی ہے۔
(الف) نر (ب) مادہ
(ج) مادہ، مادہ (د) نر و مادہ ✓

47- بعض اقسام میں پھل غیر بارور آور پھولوں سے نمو پاتے ہیں۔ مثلاً اناس' مالٹا' ناشپاتی' انگور وغیرہ۔ اس قسم کے پھلوں میں بھی ..... خصوصیات موجود ہوتی ہیں۔
(الف) یک جنسی (ب) کثیر جنسی
(ج) دو جنسی (د) صریح جنسی ✓

48- قرآن پاک بتاتا ہے کہ ہر چیز ..... کی شکل میں پیدا کی گئی ہے۔
(الف) پانی (ب) جوڑوں ✓
(ج) فطرت (د) قدرت

49- قرآن پاک بتاتا ہے کہ جتنی اشیا بھی پیدا کی گئی ہیں، اُن میں وہ اشیا بھی شامل ہیں جن کا ابھی انسان کو ..... نہیں۔
(الف) یقین (ب) علم ✓
(ج) اعتبار (د) بھروسہ

50- شہد میں Fructose اور Vitamin K بھی کافی مقدار میں ہوتے ہیں۔ شہد اس کی اصلیت اور اس کی خصوصیات کا علم جو قرآن میں موجود ہے وہ اس کے نزول کے صدیوں بعد ..... نے دریافت کیا ہے۔
(الف) انسان ✓ (ب) شہد کی مکھی

(ج) چرند پرند (د) حیوانات

-51 قرآن مجید، مسلم سائنسدان ابن نفیس کے دورانِ خون کا نظام بیان کرنے سے 600 سال قبل اور ولیم ہاروے کے مغربی دنیا کو یہ علم پہنچانے سے ..... پہلے نازل ہوا تھا۔

(الف) 800 سال (ب) 900 سال

(ج) 1000 سال (د) 1100 سال

-52 ڈاکٹر کیتھ مور نے The Developing Human نامی کتاب تحریر کی۔ انہوں نے قرآن پاک سے اس موضوع پر مزید علم حاصل کر کے 1982ء میں اس کتاب کا.....ایڈیشن چھاپا۔

(الف) پہلا (ب) دوسرا

(ج) تیسرا ✓ (د) چھوتھا

-53 زمین کی عمر کیا ہے؟ ستارے کب اور کیسے پیدا ہوئے؟ زندگی نے پہلا قدم کیسے اُٹھایا؟ تدریج اور ارتقا کی کن منازل کو طے کیا۔ ان تمام باتوں کا تعلق مندرجہ ذیل سے ہے:

(الف) علم الحشرات (ب) علم الارض ✓

(ج) علم الاثار (د) علم الافلاک

-54 سورج کا زمین سے اوسط فاصلہ تقریباً ہے:

(الف) 9 کروڑ 30 لاکھ میل ✓ (ب) 6 کروڑ 30 لاکھ میل

(ج) 9 کروڑ میل (د) 5 کروڑ 30 لاکھ میل

-55 زمین اپنی محوری گردش گھنٹے میں پوری کرتی ہے:

(الف) 12 گھنٹے میں (ب) 30 گھنٹے میں

(ج) 24 گھنٹے میں (د) 48 گھنٹے میں

-56 سورج جو ہمارا نزدیک ترین ستارہ ہے۔ اس کی روشنی کی کرنیں زمین تک پہنچنے میں تقریباً لیتی ہیں:

(الف) ایک گھنٹہ (ب) آٹھ منٹ ✓

(ج) آدھا گھنٹہ (د) پندرہ منٹ

-57 سائنس نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ اوسط 30 لاکھ مردانہ تولیدی خلیوں میں سے بارآوری کے لیے ضروری ہے:

(الف) ایک لاکھ خلیہ (ب) ایک خلیہ

(ج) ایک سو خلیہ (د) ایک ہزار خلیہ

-58 اگر بیضہ کو بارآور کرنے والا سپرم ایکس کروموسوم رکھتا ہے تو بچہ.....ہوگا اور اگر یہ وائی کروموسوم کا حامل ہے تو بچہ.....ہوگا۔

(الف) مادہ، نر ✓ (ب) نر، مادہ

(ج) مادہ، مادہ (د) نر، نر

-59 آسمانی دنیا کو سائنس دان کتنے حصوں میں تقسیم کرتے ہیں؟

(الف) ایک حصہ میں (ب) پانچ حصوں میں

(ج) دس حصوں میں (د) بیس حصوں میں

-60 کرۂ ہوائی کے باعث زمین تک جو چیز بھی پہنچتی ہے:

(الف) فوراً پہنچ جاتی ہے (ب) کرۂ ہوائی کی مزاحمت کے بغیر پہنچ جاتی ہے
(ج) چھن کر پہنچتی ہے ✓ (د) کچھ دنوں میں پہنچتی ہے

61- ہماری نظر آسمان کی طرف جن چیزوں مثلاً چاند، ستارے وغیرہ کو دیکھتی ہے، وہ ہوائی غلاف کے باعث نظر آتے ہیں:
(الف) صاف شفاف (ب) دھندلے ✓
(ج) جیسے ہیں ویسے (د) کالے سیاہ

62- اللہ تعالیٰ نے کائنات اور اس میں موجود ہر شے کو.....سے وجود بخشا ہے۔
(الف) عدم ✓ (ب) اعراف
(ج) فلک (د) افق

63- اکثر سائنس دان وجود خدا کے منکر ہیں۔
(الف) وہ روز جزا کو مانتے ہیں (ب) روز جزا کو نہیں مانتے ہیں ✓
(ج) روز جزا کا قرار کرتے ہیں (د) روز جزا کی تصدیق کرتے ہیں

64- کروڑوں ستاروں کے جھنڈ کہلاتے ہیں:
(الف) کہکشاں یا گلیکسی ✓ (ب) مدار و ستارے
(ج) شہاب ثاقب (د) شمسی نظام

65- لیون ہک نے پانی کو جب خوردبین سے دیکھا تو اسے اس میں چھوٹے چھوٹے نظر آئے:
(الف) سانپ (ب) انڈے
(ج) بیکٹیریا ✓ (د) بچھو

66- قرآن حکیم میں تخلیق آدمؑ کا قصہ کتنی سورتوں میں بیان ہوا ہے؟
(الف) چھ (ب) آٹھ ✓
(ج) دس (د) بارہ

67- زمین میں زبردست کشش ثقل پائی جاتی ہے۔ زمین کی مقناطیسیت کا مرکز زمین کے.....واقع ہے۔
(الف) عین وسط میں ✓ (ب) کونے میں
(ج) نیچے (د) اوپر

68- جنیاتی مراحل میں نر اور مادہ کے تولیدی اعضا یعنی فوطے (Testicles) اور اووری (Ovary) اپنے بننے کا آغاز ریڑھ کی ہڈی اور گیارہویں یا بارہویں پسلی کے درمیان.....سے کرتے ہیں۔
(الف) گردوں کے پاس ✓ (ب) جگر کے پاس
(ج) مثانہ کے پاس (د) سینے کے نیچے

69- Von Frisch نے شہد کی مکھیوں کے انداز و اطوار اور خبر رسانی کے طریقوں پر تحقیق کر کے نوبل پرائز حاصل کیا:
(الف) 1970ء میں (ب) 1973ء میں ✓
(ج) 1980ء میں (د) 1972ء میں

70- مصری اپنے مردوں کو دفن نہ کرتے بلکہ مختلف مسالے لگا کر ان کا جسم محفوظ کر لیتے اور اسی سے ابتدا ہوئی:
(الف) علم جراحی اور علم الابدان ✓ (ب) علم الادیان اور علم طب

(ج) علم الاموات اور علم انسان (د) علم الحیوان اور علم النباتات

شمسی گھڑی ایجاد کی:

71- (الف) اہل مصر نے (ب) اہل بابل نے ✓

(ج) یونانیوں نے (د) پرتگالیوں نے

یونانی سائنس کی ابتدا ہوئی:

72- (الف) 600 ق م میں ✓ (ب) 400 ق م میں

(ج) 700 ق م میں (د) 500 ق م میں

سورج کا قطر ہے:

73- (الف) آٹھ لاکھ چونتیس ہزار میل ✓ (ب) آٹھ لاکھ میل

(ج) آٹھ لاکھ 80 ہزار میل (د) آٹھ لاکھ 10 ہزار میل

کہکشاؤں کی تعداد بتائی جاتی ہے:

74- (الف) سینکڑوں میں (ب) لاکھوں میں

(ج) ہزاروں میں (د) کروڑوں میں ✓

سائنس نقطہ نگاہ سے کام کرنے کی صلاحیت کو کہا جاتا ہے:

75- (الف) توانائی ✓ (ب) وزن

(ج) رفتار (د) قوت

76- قرآن کا نظریہ یہی ہے کہ ہر شے کا خالق.....ہے۔

(الف) انسان (ب) فطرت

(ج) قدرت (د) اللہ تعالیٰ ✓

77- پلازما کو بعض اوقات مادے کی حالت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

(الف) پہلی (ب) چوتھی ✓

(ج) دوسری (د) تیسری

☆☆☆☆☆☆

مسلمان سائنسدانوں کی تاریخ

(History of Muslims Scientists)

1- جابر بن حیان پیدا ہوئے:
(الف) 710ء میں
(ب) 712ء میں ✓
(ج) 700ء میں
(د) 720ء میں

2- علم کیمیا میں تجرباتی تحقیق کا طریقہ متعارف کرایا:
(الف) محمد بن موسیٰ الخوارزمی
(ب) جابر بن حیان ✓
(ج) علی ابن العباس المجوسی
(د) حنین ابن اسحاق

3- کس مسلمان سائنس دان نے ایسا آلہ ایجاد کیا جس کے ذریعے مختلف چیزوں کے عرق نکالنے اور ان کے ست نکالنے کا کام لیا جاتا تھا:
(الف) جابر بن حیان ✓
(ب) حنین ابن اسحاق
(ج) ابوبکر بن زکریا الرازی
(د) محمد بن موسیٰ الخوارزمی

4- محمد بن موسیٰ الخوارزمی پیدا ہوئے؟
(الف) 780ء ✓
(ب) 770ء
(ج) 790ء
(د) 782ء

5- محمد بن موسیٰ الخوارزمی کی شہرہ آفاق کتاب کا نام جس کا بارہویں صدی عیسوی میں ترجمہ ہوا:
(الف) الجبر والمقابلہ ✓
(ب) کتاب الجمع والتفریق
(ج) صوت الارض
(د) فردوس الحکمۃ

6- صفر کی ایجاد کس مسلمان سائنس دان کا کارنامہ ہے؟
(الف) جابر بن حیان
(ب) ابن رشد
(ج) ابن باجہ
(د) محمد بن موسیٰ الخوارزمی ✓

7- اصطرلاب نامی آلہ کس مسلمان سائنس دان کی ایجاد ہے؟ اس آلے سے زمین کی پیائش کی جاتی تھی اور اجرام فلکی کی گردش پر تحقیق کی جاتی تھی۔
(الف) محمد بن موسیٰ الخوارزمی ✓
(ب) جابر بن حیان
(ج) ابن البیطار
(د) عمر الخیام

8- ابوالقاسم ابن العباس الزہراوی پیدا ہوئے:
(الف) 930ء
(ب) 936ء
(ج) 940ء
(د) 938ء

9- دنیائے طب کے عظیم ترین سرجن اور پہلے نام ور سرجن جنہوں نے انسانی اعضا کی تحقیق کے لیے پوسٹ مارٹم پر زور دیا۔
(الف) جابر بن حیان
(ب) محمد بن موسیٰ الخوارزمی
(ج) عمر الخیام
(د) ابوالقاسم ابن العباس الزہراوی

10- ابوالقاسم ابن العباس الزہراوی کی شہرہ آفاق کتاب جو تیس جلدوں پر مشتمل ہے، آج بھی یورپ کے میڈیکل کالجز میں پڑھائی جاتی ہے:
(الف) التصریف ✓
(ب) صوت الارض

(ج) کتاب الجمع والتفریق (د) فردوس الحکمۃ

11- کون سے مسلمان سائنس دان ایک نامور دندان ساز بھی تھے اور مصنوعی دانت لگانے میں بڑی مہارت رکھتے تھے؟
(الف) ابن سینا (ب) ابوبکر محمد بن زکریا الرازی
(ج) ابوالقاسم ابن العباس الزہراوی ✓ (د) ابوریحان البیرونی

12- یورپ میں کسے الہیزن (Al Hazen) کے نام سے پکارا جاتا ہے؟
(الف) ابن رشد (ب) عمر الخیام
(ج) ابن سینا (د) ابوعلی محمد الحسن ابن الہیثم ✓

13- ابوعلی محمد الحسن ابن الہیثم کی وفات کب ہوئی؟
(الف) 1038ء (ب) 1039ء ✓
(ج) 1035ء (د) 1040ء

14- پہلے شخص ہیں جنہوں نے یونانیوں کے نظریے کو غلط ثابت کرتے ہوئے بتایا کہ روشنی کی شعاعیں آنکھوں سے چیزوں کی طرف نہیں جاتیں بلکہ چیزوں سے آنکھوں کی طرف جاتی ہیں:
(الف) ابوعلی محمد الحسن ابن الہیثم ✓ (ب) ابن سینا
(ج) ابن البیطار (د) ابوالقاسم ابن العباس الزہراوی

15- کتاب المناظر کس کی شاہکار کتاب ہے جس کا 1852ء میں لاطینی زبان میں ترجمہ ہوا؟
(الف) ابوموسیٰ علی ابن الطبری (ب) ابوعلی محمد الحسن ابن الہیثم ✓
(ج) ابوالقاسم ابن العباس الزہراوی (د) جابر بن حیان

16- ابوعلی حسین ابن عبداللہ سینا کی پیدائش کب ہوئی؟
(الف) 980ء ✓ (ب) 970ء
(ج) 975ء (د) 985ء

17- ابوعلی حسین ابن عبداللہ سینا کی تصنیفات وتالیفات ہیں:
(الف) دوسو اڑتالیس (ب) دوسو اڑتیس ✓
(ج) دوسو (د) دوسو نوے

18- تھرمامیٹر کے بانی ہیں:
(الف) ابوعباس احمد الفرغانی (ب) ابوبکر محمد بن زکریا الرازی
(ج) ابوعلی حسین ابن عبداللہ سینا (د) محمد بن موسیٰ الخوارزمی

19- ابوموسیٰ علی ابن الطبری کی پیدائش کب ہوئی؟
(الف) 822ء ✓ (ب) 899ء
(ج) 980ء (د) 936ء

20- علم طب کی عظیم الشان شخصیت "الرازی" کے اُستاد تھے:
(الف) ابوموسیٰ علی ابن الطبری ✓ (ب) ابوعباس احمد الفرغانی
(ج) ابوبکر محمد بن زکریا الرازی (د) ابوعلی حسین ابن عبداللہ سینا

21- یورپ میں ابوموسیٰ ابن الطبری کو پکارا جاتا ہے:

(الف) الہیٹر (ب) ایوی سینا
(ج) رہیرز (د) الفرگانوس

22- زمین کا قطر کس نے معلوم کیا جو کہ آج کے حساب سے صرف 0.6 فی صد غلطی کا مرتکب ہوا۔
(الف) ابوعباس احمد الفرغانی ✓ (ب) ابوبکر محمد بن زکریا الرازی
(ج) ابوعلی حسین ابن عبداللہ سینا (د) ابن الہیثم

23- کون سی شخصیت مشہور ماہر فلکیات تھی؟
(الف) جابر بن حیان (ب) ابن البیطار
(ج) عمر الخیام (د) ابوعباس احمد الفرغانی ✓

24- ابوبکر محمد بن زکریا الرازی کی پیدائش کب ہوئی؟
(الف) 864ء ✓ (ب) 925ء
(ج) 825ء (د) 850ء

25- ابوبکر محمد بن زکریا الرازی کا سب سے بڑا کارنامہ اُن کی کتاب "الحاوی" ہے۔ یہ کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟
(الف) دس (ب) پندرہ
(ج) بیس ✓ (د) تیس

26- سسلی کے بادشاہ نے پہلی مرتبہ ابوبکر محمد بن زکریا الرازی کی کتاب "الحاوی" کا لاطینی زبان میں ترجمہ کب کروایا؟
(الف) 1274ء (ب) 1276ء
(ج) 1270ء (د) 1279ء ✓

27- ابوبکر محمد بن زکریا الرازی کی کتاب "المنصوری" کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟
(الف) دس ✓ (ب) پانچ
(ج) بیس (د) بارہ

28- ابوبکر محمد بن یحییٰ کس نام سے مشہور ہوئے:
(الف) ابن البیطار (ب) ابن باجہ ✓
(ج) ابویحییٰ (د) ابن رشد

29- ابوبکر محمد ابن یحییٰ یورپ میں "ایون پیس" کہلاتے ہیں۔ آپ کس کے بعد مسلم دنیا کے عظیم الشان مفکر ہیں؟
(الف) افلاطون ✓ (ب) ابن النفیس
(ج) ابن بطوطہ (د) حنین ابن اسحاق

30- ابوبکر محمد بن عبدالملک ابن طفیل القیسی کا سن پیدائش 1113ء ہے۔ سن وفات بتایئے۔
(الف) 1185ء ✓ (ب) 1180ء
(ج) 1175ء (د) 1170ء

31- ابوالولید محمد ابن احمد ابن رشد کا سن پیدائش 1126ء ہے۔ سن وفات بتایئے۔
(الف) 1128ء (ب) 1198ء ✓
(ج) 1100ء (د) 1125ء

32- ابوالولید محمد ابن احمد ابن رُشد نے چیچک کے موضوع پر کتاب لکھی جس کا نام تھا:

(الف) فردوس الحکمۃ (ب) الکلیات فی الطب ✓
(ج) کتاب الاسرار (د) الحاوی

-33 علی ابن العباس المجوسی یورپ میں کس نام کے ساتھ مشہور ہیں؟
(الف) میجوز (Majues) ✓ (ب) ابوباسر (Abu Basir)
(ج) ایون پیس (Avempace) (د) ایویروز (Averroes)

-34 حنین ابن اسحاق شروع میں مذہب رکھتے تھے:
(الف) عیسائی ✓ (ب) مجوسی
(ج) یہودی (د) بہائی

-35 حنین ابن اسحاق کو یورپ میں کہا جاتا ہے:
(الف) ایون پیس (ب) جوہنٹیس ✓
(ج) ایویروز (د) ابوباسر

-36 ابوریحان البیرونی کا سن وفات 1048ء جبکہ سن پیدائش ہے:
(الف) 970ء (ب) 971ء
(ج) 973ء ✓ (د) 975ء

-37 ابوریحان البیرونی.....اور.....کا پہلا ماہر تھا۔
(الف) امراض چشم اور طب (ب) ارضیات اور آثار قدیمہ ✓
(ج) ارضیات اور ہیئت (د) امراض نسواں اور ماہر طفلان

-38 کتاب الصیدلیۃ.....کی تصنیف ہے:
(الف) ابوریحان البیرونی ✓ (ب) عمر الخیام
(ج) ابن البیطار (د) ابن سینا

-39 ابوریحان البیرونی نے اپنی کتاب الجماہر فی معرفۃ الجواہر میں اقسام کا ذکر کیا ہے۔
(الف) مچھلیوں کی (ب) جواہر کی ✓
(ج) ادویات کی (د) سانپوں کی

-40 البیرونی نے.....کے عہد میں غزنی میں وفات پائی۔
(الف) مودود بن مسعود ✓ (ب) خلیفہ ہارون الرشید
(ج) عبدالرحمان اوّل (د) عبدالرحمان الداخل

-41 البیرونی علم ہیئت میں اس قدر ماہر تھا کہ جب پنڈت اس علم میں کہیں غلطی کرتے تو البیرونی انہیں مطلع کرتے؟
(الف) علم طب (ب) علم ہیئت ✓
(ج) علم قانون (د) علم حسان

-42 البیرونی اس بات سے باخبر تھا کہ:
(الف) روشنی کی رفتار آواز کی رفتار زیادہ ہے ✓ (ب) آواز کی رفتار روشنی کی رفتار سے زیادہ ہے
(ج) روشنی اور آواز دونوں کی رفتار برابر ہے (د) آواز کی رفتار اور روشنی کی رفتار میں کوئی فرق نہیں ہے

43- عمر الخیام کا سن پیدائش 1044ء ہے۔ سن وفات کیا ہے؟
(الف) 1121ء (ب) 1123ء ✓
(ج) 1122ء (د) 1124ء

44- عمر الخیام کی پیدائش.....کے قریب ہوئی۔
(الف) بخارا (ب) سمرقند
(ج) نیشاپور ✓ (د) بلخ

45- عمر الخیام مشہور تھے:
(الف) ریاضی دان اور ماہر علم النجوم ✓ (ب) ہیئت دان اور ماہر امراض چشم
(ج) سوداگر اور دندان ساز (د) ماہر طبیب اور دوا ساز

46- سائنس دان ہونے کے علاوہ عمر الخیام ایک مشہور تھے۔
(الف) دواساز (ب) طبیب
(ج) شاعر ✓ (د) موسیقار

47- جب ملک شاہ کے فرزند شہزادہ سنجر کو چیچک نکلی تو کس کے علاج سے اُسے شفا نصیب ہوئی؟
(الف) عمر خیام ✓ (ب) البیرونی
(ج) ابن سینا (د) ابن الہیثم

48- عمر خیام کو خیام کہنے کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟
(الف) وہ خیمے بیچتے تھے (ب) ان کا باپ خیمہ ساز تھا ✓
(ج) وہ خیموں میں سوتے تھے (د) وہ خیموں میں رہتے تھے

49- ابن رشد کا نام محمد بن احمد ابن رشد اور کنیت تھی:
(الف) ابوالولید ✓ (ب) ابوالحسن
(ج) ابوالعتیق (د) ابوبکر

50- ابن رشد کا سن وفات ہے:
(الف) 1195ء (ب) 1190ء
(ج) 1198ء ✓ (د) 1199ء

51- ابن رشد کا باپ احمد بن رشد قرطبہ کا تھا۔
(الف) بادشاہ (ب) قاضی ✓
(ج) وزیر (د) جاگیردار

52- ابن طفیل نے ابن رشد سے سلوک کیا:
(الف) بہت اچھا ✓ (ب) کوڑے لگائے
(ج) مار پیٹ کی (د) جلاوطن کیا

53- ابو مروان بن زہر کس طبیب کا ہم عصر تھا؟
(الف) ابن رشد کا ✓ (ب) ابن سینا کا
(ج) یعقوب الکندی کا (د) عمر الخیام کا

54- ابن رشد نے طب میں لکھی؟
(الف) کتاب الکلیات ✓ (ب) کتاب الجزئیات
(ج) مسائل فی الحکمۃ (د) کتاب الحیوان

55- ابن رشد مراکش گیا:
(الف) 28 سال کی عمر میں (ب) 18 سال کی عمر میں
(ج) 20 سال کی عمر میں (د) 30 سال کی عمر میں ✓

56- عبداللطیف البغدادی کا سن وفات ہے:
(الف) 1225ء (ب) 1232ء ✓
(ج) 1230ء (د) 1220ء

57- عبداللطیف البغدادی نے جس کتاب میں پودوں، جانوروں، عمارتوں، دریاؤں اور مصر کے کئی واقعات کا ذکر کیا ہے کا نام ہے۔
(الف) ''الافادہ والاعتبار فی الامور المشاھدہ و الحرارث المعانیہ بارضی مصر ✓ (ب) کتاب الجلی فی الحساب الہندی
(ج) کتاب الترياق (د) مقالہ فی البادی بفاعۃ الطب

58- عبداللطیف البغدادی کی کتب کی تعداد ہے:
(الف) 150 (ب) 160 ✓
(ج) 200 (د) 100

59- عبداللطیف البغدادی کا سن پیدائش ہے:
(الف) 1160ء (ب) 1162ء ✓
(ج) 1153ء (د) 1158ء

60- عبداللطیف البغدادی.....میں پیدا ہوئے۔
(الف) بغداد ✓ (ب) تکریت
(ج) بصرہ (د) موصل

61- عبداللطیف البغدادی تدریس کا کام سرانجام دیتے تھے؟
(الف) جامع الازہر اور العزیزیہ ✓ (ب) جامع دمشق
(ج) جامعہ قرطبہ (د) جامعہ اندلس

62- ابن البیطار کا سن وفات 1248ء ہے، سن پیدائش بتائیے۔
(الف) 1190ء ✓ (ب) 1180ء
(ج) 1185ء (د) 1195ء

63- ابن البیطار کہاں پیدا ہوئے؟
(الف) ملاگا ✓ (ب) طرابلس
(ج) قاہرہ (د) قسطنطنیہ

64- سلطان الکامل محمد بن ابوبکر ایوب مفرد ادویہ کے بارے میں.....پر اعتماد کرتا تھا۔
(الف) ابن البیطار ✓ (ب) عمر الخیام

(ج) بوعلی سینا (د) یعقوب الکندی

65- بیطار سے مراد ہے:
(الف) بلیوں کا ڈاکٹر (ب) حیوانات کا ڈاکٹر
(ج) گھوڑوں کا ڈاکٹر ✓ (د) امراض کا ڈاکٹر

66- ابن البیطار نے ..... کے حصول کے لیے دور دراز کے علاقوں کا سفر کیا۔
(الف) علم النباتات ✓ (ب) علم الحیوانات
(ج) علم الحدائق (د) علم الامراض

67- ابن البیطار کی تصانیف میں سے کتاب ..... بڑی مشہور ہے۔
(الف) الجامع فی الادویہ المفردہ ✓ (ب) المغنی فی الادویہ المفردہ
(ج) کتاب الابانہ (د) کتاب الادویہ

68- مسلمانوں نے سائنسی تحقیق کو انفرادی کام نہیں رہنے دیا بلکہ اس کے لئے قائم کئے:
(الف) ادارے ✓ (ب) انجمنیں
(ج) بنیادی مراکز (د) ضلعی مراکز

69- مسلمان سائنس دانوں کے کام کی سرپرستی ..... کی۔
(الف) ڈاکٹروں نے (ب) اسلامی حکومتوں اور امرا نے ✓
(ج) حکیموں نے (د) عوام نے

70- مسلمان سائنس دان ہر ..... میں دلچسپی لیتے تھے۔
(الف) سائنس ✓ (ب) معاشرتی علم
(ج) معاشی علم (د) فلکی علم

71- مسلمان سائنس دانوں کے کام کی خصوصیت ہے:
(الف) سائنسی علوم کی درجہ بندی ✓ (ب) سیر و سیاحت
(ج) بیماریوں کی اقسام (د) حیوانی اشیا کی درجہ بندی

72- خلیفہ المامون نے ابن خرداذبہ کو عالم اسلام کا ..... لکھنے کا حکم دیا۔
(الف) جغرافیہ ✓ (ب) نقشہ
(ج) رقبہ (د) حال

73- البیرونی نے معدنیات پر اپنی کتاب لکھنے سے پہلے چالیس برس تک کون سے نمونے جمع کئے؟
(الف) مٹی کے (ب) پتھروں کے ✓
(ج) کنکروں کے (د) اینٹوں کے

74- مسلمان سائنس دانوں نے لکھنے کا رواج ڈالا:
(الف) ڈکشنریاں اور انسائیکلو پیڈیا ✓ (ب) کیلنڈرز
(ج) کتب ادویہ سازی (د) علم النجوم

